★ ABC CERTIFIED ★
Member APNS
روزنامہ
تعمیر وطن کوئٹہ
Daily Tameer-e-Watan Quetta
جلد نمبر 27.....شمارہ نمبر 345 بروز جمعرات 10 ستمبر 2026ء، 27 ربیع الاول 1448ھ..... قیمت 7 روپے (صفحات 4) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان.....ایڈیٹر: ایم ایس خان

تربت، نامعلوم مسلح افراد اسسٹنٹ کمشنر تمپ کی سرکاری گاڑی ڈرائیور اور گارڈ سے چھین کر لے گئے

کوئٹہ (آن لائن) تربت کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد اسسٹنٹ کمشنر تمپ کی سرکاری گاڑی ڈرائیور اور گارڈ سے چھین کر لے گئے ذرائع کے مطابق گزشتہ روز ڈپٹی کمشنر اور اسسٹنٹ کمشنر تمپ سے تربت جا رہے تھے کہ خیر آباد کے قریب مسلح افراد نے ان کی سرکاری گاڑی جس میں ڈرائیور اور گارڈ تھے روک کر چھین لی اور فرار ہو گئے۔ دونوں آفیسران دوسری گاڑی میں ہونے کی وجہ سے معجزانہ طور پر محفوظ رہے۔

فرنٹ لائن پولیو ورکرز کے یومیہ معاوضے میں 28 فیصد اضافے کا اعلان

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان انسداد پولیو پروگرام نے فرنٹ لائن پولیو ورکرز کی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے ان کے یومیہ معاوضے میں 28 فیصد اضافے کا اعلان کر دیا ہے۔ نیشنل ای او سی کے مطابق اضافے کا اطلاق آئندہ انسداد پولیو مہم سے ہوگا، جبکہ ملک بھر میں پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے فرنٹ لائن ورکرز کے کردار کو مزید مؤثر بنانے پر توجہ دی جا رہی ہے۔ نیشنل ای او سی کے مطابق گزشتہ چند ماہ کے دوران فرنٹ لائن پولیو ورکرز کے ساتھ متعدد ڈائیلاگ سیشنز منعقد کیے گئے

بلوچستان میں 11 دہشتگرد ہلاک، اسپیکر ایاز صادق کا سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے بلوچستان میں کامیاب کارروائی کے دوران 11 دہشتگردوں کو ہلاک کرنے پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ سردار ایاز صادق نے سیکورٹی فورسز کی (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

مقامی آبادی کی فلاح و بہبود حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بگٹی قبیلے کے عمائدین، بزرگوں اور نوجوانوں کے وفد نے ملاقات کی۔ ملاقات میں ڈیرہ بگٹی، سوئی اور گرد و نواح میں جاری ترقیاتی منصوبوں، عوامی فلاح و بہبود اور علاقے کی مجموعی ترقی سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے اس ترقی یافتہ دور میں کوئی معذور شخص بھی لاکھوں لوگوں کی خدمت کر سکتا ہے، جعفر مندوخیل

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کی بدولت انسان جسمانی طور پر معذور ہو سکتا ہے لیکن مجبور ہرگز نہیں ہے۔ جدید ٹیکنالوجی نے ایسے بے شمار امکانات پیدا کر دیے ہیں جن کے ذریعے جسمانی معذوری رکھنے والے (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت بلوچستان ایوی ایشن کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا چوتھا اجلاس، اہم فیصلوں اور تجاویز کی منظوری دے دی گئی

سرفراز بگٹی کی زیر صدارت اجلاس، بلوچستان ایوی ایشن کمپنی کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کا فیصلہ

کمپنی کے امور میں شفافیت، پیشہ ورانہ نظم و نسق اور مؤثر نگرانی کو یقینی بنایا جائے جبکہ منظور کیے گئے فیصلوں پر بروقت عملدرآمد کے لیے واضح میکنزم وضع کیا جائے، ہدایت جاری

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بدھ کو یہاں بلوچستان ایوی ایشن کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے چوتھے اجلاس کی صدارت کی جس میں کمپنی سے متعلق اہم انتظامی، مالی اور آپریشنل امور کا جائزہ لیتے ہوئے متعدد اہم فیصلوں اور تجاویز اور گزشتہ بورڈ اجلاس کے فیصلوں کی توثیق کی منظوری دی گئی اجلاس میں بلوچستان ایوی ایشن کمپنی کی کارکردگی، انتظامی امور، آپریشنل معاملات اور مستقبل کے لائحہ عمل پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اس موقع پر کمپنی کے امور کو مزید مؤثر اور منظم بنانے، آپریشنل استعداد کار میں اضافے اور ادارے کی کارکردگی کو بہتر بنانے سے متعلق مختلف امور زیر بحث آئے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ہدایت کی کہ بلوچستان ایوی ایشن کمپنی کو جدید تقاضوں سے ہم (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بگٹی قبیلے کے عمائدین، بزرگ و نوجوان ملاقات کر رہے ہیں

کسانوں، ایس ایم ایز اور ہاؤسنگ سیکٹر کو آسان قرضے دیں بینک قرضوں کی فراہمی میں کردار ادا کریں، حکومت بھرپور حوصلہ افزائی کرے گی، شہباز شریف

ایپ کے ذریعے آسان قرضوں کیلئے 35,838 درخواستیں موصول ہوئیں، جن میں سے 7.35 ارب روپے کے قرضے منظور کیے گئے، جبکہ 1.96 ارب روپے کے قرضے جاری کیے جا چکے ہیں

وزیر اعظم اپنا گھر اسکیم 53,127 درخواستیں منظور

45.43 ارب روپے کے قرضے جاری

مالیات تک رسائی منصوبہ 2026-28 کے حوالے سے جائزہ اجلاس، جون 2028 تک زرعی قرضوں کا ہدف 2 ٹریلین، ایس ایم ایز کے قرضوں کا حجم 2 ٹریلین تک بڑھانے کا ہدف مقرر

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے بینکوں اور مالیاتی اداروں پر زور دیا ہے کہ کسانوں، چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروبار (ایس ایم ایز) اور ہاؤسنگ سیکٹر کو آسان شرائط پر قرضوں کی فراہمی میں بھرپور کردار ادا کریں، جبکہ حکومت قرضوں کی فراہمی میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے بینکوں کی حوصلہ افزائی کرے گی۔ وزیر اعظم نے کسانوں کو بلا رکاوٹ مالی وسائل تک رسائی اور کم آمدن و متوسط طبقے کے لیے سستی رہائش کی فراہمی کو حکومت کی (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

معیاری قانونی تعلیم بار اور نتیجتاً عدالتی نظام کو مضبوط بنانے کیلئے بنیادی اہمیت رکھتی ہے، چیف جسٹس

نیشنل پولیس اکیڈمی سعد اختر بھروانہ اور ڈین نسٹ لا اسکول محمد نواز واہلہ نے سپریم کورٹ میں ملاقات کی گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) چیف جسٹس آف پاکستان سے کمانڈنٹ نیشنل پولیس اکیڈمی سعد اختر بھروانہ اور ڈین نسٹ لا اسکول محمد نواز واہلہ نے سپریم کورٹ میں ملاقات کی۔ کمانڈنٹ نیشنل پولیس اکیڈمی نے چیف جسٹس کو پولیس افسران کے ترقیاتی پروگرامز سے آگاہ کیا۔ ملاقات میں نیشنل پولیس اکیڈمی اور فیڈرل جوڈیشل اکیڈمی کے درمیان ادارہ جاتی (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

ڈی آئی جی کوئٹہ کی گاڑی چوری کے واقعات کی روک تھام اور مسروقہ گاڑیوں کی برآمدگی یقینی بنانے کی ہدایت

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) عمران شوکت نے ایس ایس پیز اور چاروں ڈویژنز کے ایس پیز کو ہدایت کی ہے کہ گاڑیوں کی چوری اور ان کی برآمدگی کو یقینی بناتے ہوئے ان وارداتوں (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

وزیر اعظم شہباز شریف 20 ستمبر کو نیویارک پہنچیں گے، ذرائع

25 ستمبر کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب، ٹرمپ کے استقبالیہ میں شرکت کریں گے

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اعظم شہباز شریف 20 ستمبر کو نیویارک پہنچیں گے، وزیر اعظم شہباز شریف اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں شرکت کریں گے، ذرائع کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف 25 ستمبر کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب کریں گے، نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار وزیر اعظم کے ہمراہ نیویارک جائیں گے، وزیر (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

پاکستان کا غیر قانونی اسرائیلی بستیوں کے خلاف برطانیہ سمیت دیگر ممالک کے اقدامات کا خیر مقدم

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان نے مقبوضہ فلسطینی علاقے میں غیر قانونی اسرائیلی بستیوں کے خلاف برطانیہ اور دیگر ممالک کے اقدامات کا خیر مقدم کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے کہا ہے کہ پاکستان برطانیہ کی جانب سے مقبوضہ مغربی کنارے کی غیر قانونی اسرائیلی (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

تارکین وطن کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کیلئے حکومت پر عزم ہے، اعظم نذیر تارڑ

وزارت داخلہ کی سطح پر الیکٹرانک طریقہ کار وضع کیا جائے، وفاقی وزیر قانون کی گفتگو

کاغذات کی تصدیق کیلئے مربوط نظام وضع، ریکارڈ کی تصدیق کا عمل تیز رفتار اور آسان بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ تارکین وطن کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کے لیے حکومت پر عزم ہے اور ضروری کاغذات کی تصدیق کیلئے مربوط نظام وضع، ریکارڈ کی تصدیق کا عمل تیز رفتار اور آسان بنانے کی ہدایت کی ہے۔ وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کی زیر صدارت پاسپورٹ رولز کمیٹی کا اجلاس ہوا۔ اجلاس میں (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان ایوی ایشن کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 11 دہشتگردوں کو ہلاک کر کے ان کے قبضے سے دیسی بم بنانے والا تقریباً 3 ٹن دھماکہ خیز مواد برآمد کر لیا

خاران، واشک آپریشن، 11 دہشتگرد ہلاک، 3 ٹن دھماکہ خیز مواد برآمد

6 اور 7 ستمبر کو بلوچستان کے اضلاع خاران اور واشک میں بھارتی سرپرست یافتہ دہشتگردوں کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن کیا

دھماکا خیز مواد بھی برآمد کر کے قبضے میں لیکر دہشت گردوں کے خلاف سینیٹائزیشن آپریشن کیا اور یہ کارروائیاں آخری دہشت گرد کے خاتمے تک جاری رہیں گی

کوئٹہ (آن لائن) سکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے اضلاع خاران اور واشک میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 11 دہشتگردوں کو ہلاک کر کے ان کے قبضے سے دیسی بم بنانے والا تقریباً 3 ٹن دھماکہ خیز مواد برآمد کر لیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق سکیورٹی فورسز نے 6 اور 7 ستمبر کو بلوچستان کے اضلاع خاران اور واشک میں بھارتی سرپرست یافتہ دہشتگردوں کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن کیا جس دوران 11 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 6 ستمبر کو دہشتگردوں نے خاران (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

اسلام آباد: وزیر اعظم شہباز شریف منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

دکانداروں اور ریڑھی بانوں نے سبزیوں اور کھانے پینے کی چیزوں کے من مانے دام وصول کرنا شروع کر دیا

کوئٹہ سمیت بلوچستان میں اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ

انتظامیہ کی دیگر معاملات کے حوالے سے رٹ نہ ہونے کی وجہ سے اس وقت کوئٹہ میں مہنگائی کا طوفان امڈ آیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان میں اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ ہو گیا دکانداروں اور ریڑھی بانوں نے سبزیوں اور کھانے پینے کی چیزوں کے من مانے دام وصول کرنا شروع کر دیا پرائس کنٹرول کمیٹی اور ضلعی انتظامیہ کی جا (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی بلوچستان یونیورسٹی میں نو تعمیر جدید ایام کامرس اور آئی ٹی لیب کی عمارت کا معائنہ کر رہے ہیں

پنشنرز کیلئے ڈیجیٹل پروف آف لائف کا نیا نظام نافذ، بینکوں کا بائیومیٹرک تصدیق میں کردار ختم

180 دن میں ڈیجیٹل تصدیق کی سہولت؛ ڈارمنٹ پنشن اکاؤنٹس دوبارہ فعال کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی حکومت نے پنشنرز کے لیے ڈیجیٹل پروف آف لائف کا نیا ایس او پی جاری کرتے ہوئے لائف ویریفکیشن کا نظام مزید آسان اور ڈیجیٹل بنا دیا ہے۔ نئی پالیسی کے تحت پنشنرز کی بائیومیٹرک تصدیق میں کمرشل بینکوں کا کردار ختم کر دیا گیا (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

افغان طلبہ کے ویزا توسیع کیسز پر موجودہ قوانین کے مطابق کارروائی جاری ہے، دفتر خارجہ

اسلام آباد (آن لائن) دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ افغان طلبہ کی ویزا توسیع کی درخواستوں پر متعلقہ ادارے موجودہ پالیسی، قوانین اور ضوابط کے مطابق کارروائی کر رہے ہیں (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

پاکستان میں نئے تعینات اطالوی سفیر کی شہباز شریف سے ملاقات

پاکستان اور اٹلی کے درمیان بہترین دو طرفہ تعلقات قائم ہیں، شہباز شریف

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان میں تعینات اٹلی کے نئے سفیر یوگو سیارا تانی نے وزیر اعظم ہاؤس میں وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی۔ ملاقات میں نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وزیر اعظم کے معاون خصوصی سید طارق فاطمی اور سیکرٹری خار (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار محمد ابراہیم کا بلاک شناختی کارڈ ایک ماہ میں کھلوا دیا گیا

کوئٹہ (پ ر) درخواست گزار محمد ابراہیم نے بتایا کہ نادرا کی جانب سے انکا شناختی کارڈ بغیر کسی وجہ کے بلاک کر دیا گیا تھا۔ متعدد (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

احتجاج اور اپنی رائے دینا سب کا حق ہے نئے انتظامی یونٹس کا قیام ملک کے مفاد میں ہوگا: خواجہ آصف

نئے صوبوں کے قیام پر گلی محلوں اور ہر سطح پر بحث ہونی چاہیے، وزیر دفاع

سیاسی لوگوں کی باتوں کو ڈسٹارٹ کر کے غلط معنی نکالے جاتے ہیں، سندھ سمیت تمام معاملات ٹھیک ہو جائیں گے

اسلام آباد (آن لائن) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ مریم نواز نے صوبوں سے متعلق خطرے کی کوئی بات نہیں کی، ان کے بیان کو توڑ مروڑ کر غلط مطلب نکالنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ سیاسی لوگوں کی باتوں کو ڈسٹارٹ کر کے غلط معنی نکالے جاتے ہیں، سندھ سمیت تمام معاملات ٹھیک ہو جائیں گے۔ احتجاج اور اپنی رائے دینا سب کا حق ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئے انتظامی یونٹس کا قیام (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

پاک بحریہ کا یوم بحریہ قومی جوش و جذبے سے منانے کا اعلان

دشمن کی کسی بھی جارحیت کا فیصلہ کن جواب دیا جائے گا

راولپنڈی (آن لائن) پاک بحریہ نے یوم بحریہ قومی جوش و جذبے اور شہداء سے عقیدت کے ساتھ منایا، نیول ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں یادگار شہداء پر پھول چڑھائے گئے اور فاتحہ خوانی کی گئی۔ سربراہ پاک بحریہ ایڈمرل نوید اشرف نے شہداء اور غازیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ وطن کے دفاع کے لیے پاک بحریہ کا عزم غیر متزلزل ہے، دشمن کی کسی بھی جارحیت کا فیصلہ کن جواب دیا جائے گا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق پاک بحریہ کے سربراہ نے شہداء اور غازیوں کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا، سربراہ پاک بحریہ ایڈمرل نوید اشرف نے اس موقع پر کہا کہ دفاع وطن کے غیر متزلزل عزم کے ساتھ (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

دل سے دیکھو سرسبز پاکستان مہم کے فاتحین کا اعلان، ملک بھر سے ہزاروں افراد کی شرکت

اسلام آباد / کوئٹہ (مطیع اللہ مطیع) پاکستان کی خوبصورتی، ثقافت، روایات اور مقامی شناخت کو اجاگر کرنے والی سرسبز فرٹیلائزرز کی ملک گیر سوشل میڈیا مہم دل سے دیکھو سرسبز پاکستان اپنے اختتام کو پہنچ گئی، جس میں ملک کے مختلف شہروں اور علاقوں سے ہزاروں افراد نے شرکت کرتے ہوئے پاکستان سے اپنی محبت اور اپنے (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

10 ستمبر کو مذاکرات کے نتائج دیکھنے کے بعد اسلام آباد مارچ کا اعلان کیا جائیگا، حافظ نعیم الرحمن

پٹرولیم لیوی کا عالمی منڈی کی قیمتوں سے تعلق نہیں بلکہ یہ حکومتی نااہلی اور غلط معاشی پالیسیوں کا نتیجہ ہے

کراچی (آن لائن) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ ملک پر ایک مخصوص طبقے کا قبضہ ہے، حکمران طبقہ بیٹھ کر قوم کی تقدیر کے فیصلے کرتا ہے جبکہ مخصوص (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

اسپیشل پے اسکیلز پر سول سرونٹس کی تقرری کی پالیسی میں اہم ترمیم

حکومت کی اکثریتی ملکیت والے ادارے سرکاری ادارے تصور ہوں گے، وزارت خزانہ

اسلام آباد (آن لائن) وزارت خزانہ نے سول سرونٹس کی اسپیشل پے اسکیلز اور کنٹریکچول عہدوں پر تقرری سے متعلق پالیسی میں اہم ترمیم کرتے ہوئے نئی ہدایات جاری (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

اگست 2026ء میں کارکنوں کی ترسیلات زر کی مد میں 3.7 ارب امریکی ڈالر کی آمد ہوئی

کوئٹہ (آن لائن) اگست 2026ء میں کارکنوں کی ترسیلات زر کی مد میں 3.7 ارب امریکی ڈالر کی آمد ہوئی۔ نمو کے لحاظ سے ترسیلات زر میں سال بسال 16.5 فیصد اور ماہ (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

دونوں ممالک کا برادرانہ تعلقات مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ، مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کے عزم کا اظہار

اسحاق ڈار کا مصری ہم منصب سے ٹیلیفونک رابطہ، علاقائی امور پر قریبی مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق

دی عرب اور ترکیہ کے ساتھ قریبی مشاورت برقرار رکھنے اور R4 وزرائے خارجہ کے ذریعے مشاورت کو مزید وسعت دینے پر اتفاق

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار نے مصری وزیر خارجہ بدر عبدالعاطی سے ٹیلیفونک رابطہ کیا، جس میں پاکستان اور مصر کے دو طرفہ تعلقات، علاقائی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں وزرائے خارجہ نے برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور علاقائی معاملات پر قریبی مشاورت جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ ٹیلیفونک گفتگو کے دو (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

بیزن پور میں منشیات فروشوں کی مبینہ سرگرمیوں سے اہل محلہ پریشان، پولیس سے کارروائی کا مطالبہ

تال (آن لائن) بیزن پور میں منشیات فروشوں کی مبینہ سرگرمیوں سے اہل محلہ پریشان، پولیس سے کارروائی کا مطالبہ (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

دہشت گردی کے خاتمے کیلئے پاکستان کے عزم کو کوئی متزلزل نہیں کر سکتا، گیلانی

دہشتگرد مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے امن دشمنوں کے خلاف متحد ہے، حنیف عباسی

اسلام آباد (آن لائن) قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ قائم مقام صدر گیلانی نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پاکستان کے عزم کو کوئی متزلزل نہیں کر سکتا۔ وزیر ریلوے حنیف عباسی نے کہا کہ دہشت گرد عناصر اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے، پاکستان امن دشمنوں کے خلاف متحد ہے۔ ایک بیان میں قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی نے بلوچستان میں 11 دہشت گردوں کی (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

کیڈٹ ایکسیلنس اسکالرشپ 2026: بلوچستان کے 6 ہونہار طلباء کا میرٹ پر انتخاب

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ (BEEF) کے (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

سید خلیل الرحمن اور سینئر فوٹو جرنلسٹ موسیٰ فرمان کے انتقال پر ڈھاڈر پریس کلب کا اظہار تعزیت

ڈھاڈر (آن لائن) ڈھاڈر پریس کلب کے بانی و سرپرست اعلیٰ عبدالفتاح بنگلزئی، صدر محمد عارف بنگلزئی، جنرل سیکرٹری عبدالحئی گول، ڈپٹی جنرل سیکرٹری سمیع اللہ جلبانی (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

بیرون ملک پاکستانیوں نے 3.7 ارب ڈالر ترسیلات بھجوا دیں

گزشتہ سال کے مقابلے میں 16 فیصد زائد ہیں، ترجمان اسٹیٹ بینک

اسلام آباد (آن لائن) بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے 3.7 ارب ڈالر ترسیلات بھجوائی ہیں جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 16 فیصد زائد ہیں۔ نمو کے لحاظ سے ترسیلات زر میں سال بسال 16.5 فیصد اور ماہ بہ ماہ 0.7 فیصد اضافہ ہوا۔ ترجمان اسٹیٹ بینک کے مطابق مالی سال 2026-27 کے پہلے دو مہینوں (جولائی تا اگست) کے دوران مجموعی ترسیلات زر 7.3 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں موصول ہونے والے 6.4 ارب ڈالر کے مقابلے میں 14.7 فیصد اضافہ ہے۔ ترجمان کے مطابق اگست میں سب سے زیادہ ترسیلات (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

اسلام آباد: قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی سے علی عمر علوی ملاقات کر رہے ہیں

دہشتگردی سے عوام دشمنی تک فتنہ الہندوستان کا مکروہ چہرہ سامنے آ گیا

سکیورٹی فورسز کے ہاتھوں مسلسل ہزیمت کے بعد بوکھلاہٹ کا شکار فتنہ الہندوستان نے سافٹ ٹارگٹس پر وار شروع کر دیا

بلوچستان میں امن دشمن دہشت گرد تنظیم فتنہ الہندوستان کے عوامی حقوق کے نام نہاد دعووں کی مکروہ حقیقت آشکار ہو چکی ہے

کوئٹہ (آن لائن) سکیورٹی فورسز کے ہاتھوں مسلسل ہزیمت کے بعد بوکھلاہٹ کا شکار فتنہ الہندوستان نے سافٹ ٹارگٹس پر وار شروع کر دیا۔ رپورٹس کے مطابق شرپسند تنظیم کی دہشت گردانہ کارروائیاں عام بلوچ شہریوں، مزدوروں اور تاجروں کو براہ راست متاثر کر رہی ہیں۔ فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد معصوم شہریوں کو نشانہ بنا کر علاقے میں خوف و ہراس پھیلانے کی مذموم کوشش کرتے ہیں۔ تجارتی سرگرمیو (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

اسحاق ڈار کی زیر صدارت چینی سے متعلق اسٹیئرنگ کمیٹی کا اجلاس

موجودہ ذخائر اور متوقع پیداوار آئندہ کرشنگ سیزن تک ملکی ضروریات کیلئے کافی قرار

مارکیٹ استحکام کے لیے تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے کے ساتھ کام کریں

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی زیر صدارت چینی سے متعلق اسٹیئرنگ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ملک میں چینی کے دستیاب ذخائر، متوقع پیداوار، ملکی ضروریات اور مارکیٹ میں قیمتوں کے استحکام سمیت مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے شرکاء نے ملک میں چینی کے وافر ذخائر کی دستیابی پر اطمینان کا (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

بلوچستان میں بلوچ پشتون اقوام کی اپنی روایات اور ثقافت ہے، صادق عمرانی

ہم نے ہمیشہ صوبے سے بے روزگاری، بد امنی کے خاتمے کیلئے اپنا کردار ادا کیا ہے، صوبائی وزیر کی گفتگو

پیپلز پارٹی نے ہمیشہ لوگوں کو روزگار کی فراہمی، امن کی بحالی اور صوبے کی تعمیر و ترقی کے لئے کردار ادا کیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر ایریگیشن میر محمد صادق عمرانی نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ لوگوں کو روزگار کی فراہمی، امن کی بحالی اور صوبے کی تعمیر و ترقی کے لئے کردار ادا کیا ہے امن ہوگا تو ترقی کے ثمرات عوام تک پہنچیں گے ہم نے میرٹ کی بنیاد پر 138 ملازمین کو اگلے گریڈ میں ترقی دی ہے اس سے قبل وزارت کا سنبھالتے ہی 121 لوگوں کو لواحقین کوٹہ کے تحت تعیناتی (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

* ABC CERTIFIED *
روزنامہ
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

اشیاء خورد ونوش کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان میں اشیاء خوردونوش کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ ہوگیا دکانداروں اور ریڑھی بانوں نے سبزیوں اور کھانے پینے کی چیزوں کے من مانے دام وصول کرنا شروع کردیا پرائس کنٹرول کمیٹی اور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ان کے خلاف کارروائیاں نہ ہونا سوالیہ نشان ہے۔ کوئٹہ میں 40 روپے فی کلو پیاز کی قیمت بڑھنے سے 200 روپے فی کلو فروخت ہونے لگا عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ کوئٹہ سمیت بلوچستان میں حکومت اور ضلعی انتظامیہ کی دیگر معاملات کے حوالے سے رٹ نہ ہونے کی وجہ سے اس وقت کوئٹہ میں مہنگائی کا طوفان امڈ آیا ہے ریڑھی بانوں اور دکانداروں نے شہریوں کو پھلوں، سبزیوں، سلاد، دھنیا، سبز مرچ، مصالحہ جات کی قیمتیں اپنی مرضی سے بڑھا دی ہے۔ کوئٹہ میں پیاز 160 روپے کلو فروخت ہورہا تھا جس میں 40 روپے فی کلو اضافہ کردیا اور اب 200 روپے فی کلو پیاز فروخت کرنے کے ساتھ ساتھ ریڑھی بانوں سبز دھنیا، سبز پیاز، پودینہ کی گٹھی 10 روپے سے بڑھا کر 20 روپے فرخت کرنا شروع کردی ہے۔ اسی طرح سبزیوں کی قیمتیں بھی اپنی مرضی سے بڑھا دی ہیں۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ بڑھتی ہوئی مہنگائی اور گراں فروشی میں ملوث دکانداروں کے خلاف ضلعی انتظامیہ اور علاقہ مجسٹریٹ کی جانب سے کارروائی نہ ہونا سوالیہ نشان ہے اور حکومت سمیت متعلقہ ادارے عوام کو گراں فروشی سے چھٹکارا دلانے کے لئے ذخیرہ اندوزوں اور گراں فروشوں کے خلاف کارروائی کرے۔

بقیہ 01

درودیوار اس بات کی گواہی دیتی ہیں کہ جمعیت علما اسلام نے اپنے محدود دور حکومت اور محدود وسائل کے باوجود عوامی فلاح و بہبود، تعلیم، صحت، بنیادی سہولیات اور دیگر شعبوں میں بے شمار خدمات سرانجام دی ہیں اور یہی عملی خدمت آج بھی عوام کے دلوں میں جمعیت کے لیے اعتماد اور محبت کا باعث ہے، انہوں نے کہا کہ آج بلوچستان کے طول و عرض میں عوام جمعیت علما اسلام میں شمولیت کے لیے بے چین ہیں اور مختلف علاقوں میں روزانہ کی بنیاد پر لوگ جوق در جوق جمعیت کے قافلے میں شامل ہورہے ہیں، حالات میں بہتری آنے کے بعد آپ دیکھیں گے کہ جمعیت علما اسلام کے پاس عوام کا ایک ایسا جم غفیر روزانہ شامل ہوتا جائے گا جس سے یہ بات مزید واضح ہوگی کہ عوام نے وقتی نعروں، جذباتی سیاست اور خوشنما دعوؤں کے بجائے عملی خدمت، نظریاتی وابستگی اور مستقل جدوجہد کو اپنا راستہ منتخب کرلیا ہے، انہوں نے کہا کہ آج قلعہ سیف اللہ میں مختلف جماعتوں سے تعلق رکھنے والے نئے شامل ہونے والے معززین نے اس بات کو ثابت کردیا ہے کہ سیاست اور عوامی خدمت کے فیصلے وقتی جذبات یا خوشنما نعروں کی بنیاد پر نہیں بلکہ ایک طویل سیاسی سفر، کردار، نظریے اور عملی خدمات کو سامنے رکھتے ہوئے کیے جاتے ہیں، جمعیت علما اسلام کی اسلامی تشخص کے تحفظ کے لیے جدوجہد ہو، آئین و قانون کی بالادستی کے لیے جدوجہد ہو، عوام کے حقوق کے لیے آواز بلند کرنا ہو یا محدود وسائل میں عوامی خدمت کا سلسلہ ہو، یہ سب ایک طویل اور مسلسل سفر کا حصہ ہے، لہٰذا اس جدوجہد کا سہرا کسی ایک شخص، کسی ایک رہنما یا کسی ایک منتخب نمائندے کے سر نہیں جاتا بلکہ یہ جمعیت علما اسلام کی طویل نظریاتی رفاقت، کارکنوں کی قربانیوں، عوامی وابستگی اور نسل در نسل جاری جدوجہد کا نتیجہ ہے، انہوں نے کہا کہ جمعیت علما اسلام نے ہمیشہ اصولوں اور نظریے کی سیاست کو ترجیح دی ہے اور مشکل ترین حالات میں بھی اپنے مؤقف سے پیچھے نہیں ہٹی، یہی وجہ ہے کہ آج بھی بلوچستان کے عوام جمعیت علما اسلام کو اپنے مسائل کے حل، حقوق کے تحفظ اور اسلامی و جمہوری اقدار کی پاسداری کی ایک مضبوط آواز سمجھتے ہیں، سینیٹر مولانا عبدالواسع نے مفکر اسلام مولانا مفتی محمود کی تاریخی اور نظریاتی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ 7 ستمبر 1974 ہماری قومی، آئینی اور اسلامی تاریخ کا ایک اہم اور یادگار دن ہے، اس تاریخ ساز مرحلے میں مولانا مفتی محمود نے قائد حزب اختلاف کی حیثیت سے قومی اسمبلی کے اندر عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کے لیے انتہائی مؤثر، مدلل اور تاریخی کردار ادا کیا اور طویل پارلیمانی بحث، علمی دلائل اور مسلسل جدوجہد کے نتیجے میں 7 ستمبر 1974 کو قادیانی اور لاہوری گروپ کو آئینی طور پر غیر مسلم اقلیت قرار دینے کا تاریخی فیصلہ سامنے آیا، انہوں نے کہا کہ مفتی محمود کا یہ کردار محض ایک پارلیمانی کارروائی نہیں تھا بلکہ یہ ایک طویل نظریاتی، علمی اور سیاسی جدوجہد کا ثمر تھا، انہوں نے جس بصیرت، استقامت، علمی قابلیت اور جمہوری انداز میں قومی اسمبلی کے اندر عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کے لیے اپنا کردار ادا کیا وہ آنے والی نسلوں کے لیے ایک روشن مثال ہے، 7 ستمبر ہمیں یہ سبق دیتا ہے کہ نظریاتی جدوجہد، آئینی راستے، علمی دلائل اور جمہوری عمل کے ذریعے بڑے قومی و دینی مسائل پر تاریخ ساز فیصلے کیے جاسکتے ہیں، انہوں نے کہا کہ آج قلعہ سیف اللہ میں مختلف جماعتوں اور طبقات سے تعلق رکھنے والے معززین کی جمعیت علما اسلام میں شمولیت اس بات کا واضح اعلان ہے کہ بلوچستان کے عوام خدمت، اصول، نظریے اور حقیقی عوامی سیاست کے ساتھ کھڑے ہیں، جمعیت علما اسلام میں شامل ہونے والے تمام معززین کو خوش آمدید کہتے ہیں اور انہیں یقین دلاتے ہیں کہ جمعیت علما اسلام کا یہ قافلہ ان کی عزت، رائے اور کردار کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہوئے صوبے کے عوام کے حقوق، اسلامی تشخص، جمہوری اقدار اور خوشحال مستقبل کے لیے اپنی جدوجہد مزید مضبوط اور مؤثر انداز میں جاری رکھے گا

بقیہ 02

جبکہ کمشنر قلات اور ڈپٹی کمشنر خضدار نے مزید تعاون اور معاونت کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ 03

م سے فرمائی اور اس کی انتہا محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس پر فرمائی، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر نبوت ختم ہوگئی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی اور کو نبی نہیں بنایا جائے گا، ختم نبوت کا عقیدہ ان اجماعی عقائد میں سے ہے، جو اسلام کے بنیادی اصول اور ضروریات دین میں شمار کیے گئے ہیں، اور عہد نبوت سے لے کر اس وقت تک ہر مسلمان اس پر ایمان رکھتا آیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بلا کسی تاویل و تخصیص کے خاتم النبیین ہیں

بقیہ 04

بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔ اس موقع پر سیکرٹری بلوچستان صوبائی اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات، ایڈیشنل سیکرٹری قانون سعید اقبال، معاون خصوصی داخلہ بابر یوسفزئی اور دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔ اجلاس میں "بلوچستان سٹیزن سیلیبریشن اینڈ گڈ گورننس بل، 2026" زیر بحث رہا۔ بل کا مقصد صوبے میں شہریوں کو مؤثر سہولیات کی فراہمی اور اچھی طرز حکمرانی کے لیے ایک مربوط اور جوابدہ سول انتظامی نظام قائم کرنا ہے۔ بل کے تحت سول انتظامیہ کے فرائض اور ذمہ داریوں کو واضح کرنے کے ساتھ ساتھ شہری سہولت کاری، شکایات کے ازالے، بین المحکمہ رابطہ کاری، کارکردگی کی بنیاد پر احتساب اور شواہد پر مبنی فیصلہ سازی کے لیے مؤثر نظام وضع کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ صوبائی محکموں، ضلعی انتظامیہ اور مقامی حکام کے درمیان بہتر رابطہ کاری کے ذریعے عوامی خدمات کی مؤثر فراہمی کو یقینی بنانے پر بھی زور دیا گیا ہے۔ کمیٹی نے بل کی مختلف شقوں پر تفصیلی غور کیا۔ اراکین نے اپنی آراء اور تجاویز پیش کیں اور بل کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا۔ اجلاس کے اختتام پر چیئرمین کمیٹی خیر جان بلوچ نے اراکین کا شرکت اور مفید تجاویز پیش کرنے پر شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 05

تھم اور IGCSE میں داخلے کے خواہشمند طلبہ درخواست دے سکتے ہیں۔ امیدوار 25 اکتوبر 2026 تک آن لائن رجسٹریشن مکمل کرسکیں گے، جبکہ اسکالرشپ و داخلہ امتحان یکم نومبر 2026 کو منعقد ہوگا۔ امتحان کے نتائج 10 نومبر 2026 کو جاری کیے جائیں گے۔ امیدوار امتحانی فیس سمیت رجسٹریشن کا تمام عمل آن لائن معارف ایگزامینیشن پورٹل کے ذریعے مکمل کرسکتے ہیں، جس کا مقصد داخلہ اور امتحانی عمل کو آسان، شفاف اور منظم بنانا ہے ماگس کے لیے کوئٹہ میں تین امتحانی مراکز مقرر کیے گئے ہیں، جن میں 1 پاک ترک معارف انٹرنیشنل مین بوائز کیمپس کوئٹہ 2 پاک ترک معارف انٹرنیشنل گرلز کیمپس کوئٹہ 3 پاک ترک معارف انٹرنیشنل جناح ٹاؤن کیمپس کوئٹہ شامل ہیں 2027-28 کے تعلیمی سیشن میں داخلے کا موقع ماگس امتحان کے نتائج 2027-28 کے تعلیمی سیشن میں داخلے اور اسکالرشپ کے جائزے میں اہم کردار ادا کریں گے۔ کوئٹہ ریجن میں K-8 اور I-SSC کا نیا تعلیمی سیشن یکم مارچ 2027 سے شروع ہوگا۔ داخلے اور اسکالرشپ کے حتمی فیصلے متعلقہ تعلیمی معیار، اسکالرشپ کیٹگریز اور دستیاب نشستوں کو مدنظر رکھتے ہوئے کیے جائیں گے۔ امتحان میں IGCSE داخلہ کیٹگری بھی شامل ہوگی۔ کوئٹہ سے امتحان دینے والے اہل امیدواروں کو متعلقہ بورڈنگ کیمپس میں داخلے کے لیے زیر غور لایا جاسکتا ہے، جن میں پشاور بوائز کیمپس، اسلام آباد بوائز کیمپس، انٹرنیشنل معارف اسکولز اسلام آباد برائے طالبات اور لاہور بوائز کیمپس شامل ہیں I-IGCSE سیشن اپریل 2027 سے شروع ہوگا، جبکہ داخلے کے حتمی فیصلے امیدواروں کی ترجیحات، داخلہ معیار اور دستیاب نشستوں کی بنیاد پر متعلقہ اسکول کریں گے 5,500 سے زائد طلبہ پہلے ہی ماگس امتحان دے چکے ماگس یعنی معارف انٹرنس ایگزامینیشن ایک معیاری داخلہ امتحان ہے، جس کے ذریعے طلبہ کو پاک ترک معارف انٹرنیشنل اسکولز اینڈ کالجز میں داخلے اور میرٹ پر اسکالرشپ کے مواقع فراہم کیے جاتے ہیں۔ رواں سال کے آغاز میں منعقد ہونے والے ملک گیر ماگس امتحان میں پاکستان بھر سے 5,500 سے زائد طلبہ نے شرکت کی۔ امتحان کے بعد مختلف ریجنز میں اسکالرشپ اور داخلے کے لیے طلبہ کی تعلیمی صلاحیت اور متعلقہ معیار کا جائزہ لیا گیا۔ اب ماگس کے ذریعے کوئٹہ ریجن کے طلبہ کو بھی معیاری تعلیم، میرٹ پر اسکالرشپ اور بہتر تعلیمی مواقع تک رسائی کا موقع فراہم کیا جا رہا ہے۔ پاک ترک معارف انٹرنیشنل اسکولز اینڈ کالجز میں IGCSE، BTEC، PYP-IB، A-Level، SSC، HSSC اور ترک زبان سمیت مختلف تعلیمی پروگرامز پیش کیے جاتے ہیں۔ طلبا اور والدین سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ 25 اکتوبر 2026 کی آخری تاریخ سے قبل ماگس کے لیے اپنی رجسٹریشن مکمل کریں

بقیہ 06

ت دیگر خودکشی کروں گا جس کی تمام تر ذمہ داری محکمہ تعلیم کے آفیسران پر عائد ہوگی۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ کنٹریکٹ پالیسی کے تحت درخواست جمع کرائے اور تمام کوائف پورے ہونے پر بے ای ای میرٹ پر سلیکٹ ہوا آرڈر ملا گورنمنٹ بوائز ہائی سکول باریچہ میں حاضری رپورٹ کرکے باقاعدگی سے ڈیوٹی سرانجام دیتا رہا جب تنخواہ کیلئے ایچ آر جمع کروانے کے لئے خزانہ آفس جھل مگسی گیا تو کہا گیا کہ آپ کا نام لسٹ میں موجود نہیں ہے 15 مئی کی لسٹ میں سیریل نمبر 4 پر میرا نام موجود تھا۔ اس کے بعد ڈی ای او اور ڈی سی آفس والوں نے ملکر معاوضہ ڈی آر سی کی لسٹ تبدیل کرکے اپنے من پسند لوگوں کو شامل کرکے میرا نام نکال دیا گیا۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری، علاقے کے منتخب نمائندوں و دیگر اعلیٰ حکام سے اپیل کی کہ مجھے ڈیوٹی پر بحال کیا جائے بصورت دیگر خودکشی پر مجبور ہوجاؤں گا جس کی تمام تر ذمہ داری محکمہ تعلیم کے حکام پر عائد ہوگی۔

بقیہ 07

سمیت ضروری سہولیات فراہم کی گئیں کیمپ کے دوران سینکڑوں جانوروں کا مفت طبی معائنہ اور علاج کیا گیا، جبکہ وبائی امراض سے بچاؤ کے لیے حفاظتی ویکسینیشن بھی کی گئی۔ مالداروں میں مفت ادویات تقسیم کرنے کے ساتھ ساتھ جانوروں کی بہتر دیکھ بھال، خوراک اور بیماریوں سے بچاؤ کے حوالے سے آگاہی بھی فراہم کی گئی۔ ضلعی آفیسر محکمہ امور حیوانات گوادر نے کہا کہ محکمہ کی جانب سے مالداروں کو ان کی دہلیز پر ویٹرنری سہولیات کی فراہمی کا سلسلہ جاری رہے گا، تاکہ مویشیوں کی صحت بہتر بنانے کے ساتھ مالدار برادری کو بھی زیادہ سے زیادہ سہولت فراہم کی جاسکے۔

بقیہ 08

برآمد کرکے ملزمان سے اسلحہ اور موٹر سائیکل قبضے میں لے لی۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز تھانہ شہید امیر محمد دستی کے علاقے میں ملزم (ز) نے خواتین کے 5 لاکھ روپے چوری کیے تھے جو برآمد کرلئے اس طرح عزیز احمد سے ایک پسٹل برآمد کرلیا۔ جبکہ ملزم امیر حمزہ سے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کرلی مفرور ملزمان رستم اور محمد خان کو جبکہ سنیچنگ میں ملوث بصیر احمد اور عباس کو گرفتار کرکے قبضے سے چھینا گیا موٹر سائیکل، موبائل فون برآمد کرکے ملزمان کے خلاف مقدمات درج کرکے کارروائی شروع کردی۔

بقیہ 09

لڈر، ٹھیکیدار اور دیگر اصل ذمہ دار عناصر کے کردار کو نظر انداز کیا جارہا ہے۔ یہ طرز عمل نہ صرف جاں بحق کان کنوں اور ان کے خاندانوں کے ساتھ ناانصافی ہے بلکہ مستقبل میں ایسے حادثات کی روک تھام کے لیے بھی انتہائی نقصان دہ ثابت ہوگا۔ حکومت کو چاہیے کہ کسی کو قربانی کا بکرا بنانے کے بجائے حادثے کے حقیقی اسباب اور حفاظتی قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کا تعین کرے۔ نیشنل لیبر فیڈریشن بلوچستان مطالبہ کرتی ہے کہ موجودہ کورٹ آف انکوائری کمیٹی کو از سر نو تشکیل دیا جائے اور اس میں غیر جانب دار، باصلاحیت اور دیانت دار افراد کو شامل کیا جائے۔ تحقیقات میں کان کے مالک، لیز ہولڈر، ٹھیکیدار اور متعلقہ حکام سمیت تمام ذمہ داروں کا کردار واضح کیا جائے اور جو بھی قصوروار ثابت ہو، اسے قانون کے مطابق سزا دی جائے۔ سوریج سانحہ کو محض ایک اور کان حادثہ سمجھ کر نظر انداز نہ کیا جائے۔ شفاف تحقیقات اور اصل ذمہ داروں کے خلاف کارروائی ہی شہدا کے ساتھ حقیقی انصاف اور مستقبل میں ایسے سانحات کی روک تھام کی ضمانت بن سکتی ہے۔

بقیہ 10

انہوں نے کہا کہ این ایف سی ایوارڈ اور 18 ویں ترمیم کو نئے صوبوں کی آڑ میں نشانہ بنانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ بدھ کو پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے سینیٹر ایمل ولی خان نے کہا کہ بنیادی مسئلہ عام عوام کا نہیں بلکہ اقتدار اور مختار افراد کا فیصلہ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان میں جب بھی بڑے کیسز سامنے آتے ہیں تو کوئی نہ کوئی سفید آدمی یا ہاتھی نکل آتا ہے جس کے خلاف کارروائی نہیں ہوسکتی۔ کمیٹی میں دیے گئے جوابات پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ باتوں سے آگے اصل حقیقت تک پہنچنے کی کوشش جاری ہے اور ان شاء اللہ جلد اس پر پہنچیں گے۔ انہوں نے اس جان بوجھ کر خودکشی والے معاملے کو مکمل گہرائی سے دیکھنے اور سمجھنے کی بات کی۔ انہوں نے کہا کہ بعض لوگ بہت پراعتماد ہیں کہ کوئی حکومتی ذمہ داری یا لیڈر جوابدہ نہیں ہوگا۔ انہوں نے بڑے بڑے کیسز کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ یہ بڑی چھوٹی بات نہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ عوامی نیشنل پارٹی کا موقف ہے کہ فرقہ وارانہ معاملات سے آگے بڑھ کر پشتون، پنجابی، سرائیکی، بلوچ، سندھی، مہاجر، کشمیری اور گلگتی سمیت سب کو انتظامی اختیارات دیے جائیں۔ انہوں نے تنبیہ کی کہ اگر نئے صوبے کا نام لے کر صرف این ایف سی ایوارڈ اور اٹھارویں ترمیم کو ہلانے کی کوشش کی جائے تو یہ درست نہیں۔۔۔

بقیہ 11

تحت نوٹس لیتے ہوئے شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کو یقینی بنایا جائے اور ملوث ملزمان کو قانون کے مطابق قرار واقعی سزا دی جائے۔ اتحادی الائنس اور تنظیم نے کہا کہ پکلاک میں ایک 15 سالہ کمسن لڑکی کے اپنے شوہر کے ہاتھوں مبینہ قتل، مستونگ کے کلی بہری میں ایک خاتون پر مبینہ تیزاب گردی اور تشدد، تربت میں ایک خاتون کی لاش کی برآمدگی، جبکہ نوشکی کے احمد وال میں ایک 9 سالہ بچی کے ساتھ مبینہ زیادتی، قتل اور لاش کو چھپانے جیسے خوفناک واقعات کی اطلاعات انتہائی تشویشناک اور معاشرے کیلئے لمحہ فکریہ ہیں۔ ان واقعات کی مکمل حقیقت کا تعین تحقیقات کے ذریعے ہونا ضروری ہے، تاہم ایسے واقعات خواتین اور بچیوں کے تحفظ کے حوالے سے موجود سنگین خطرات کو واضح کرتے ہیں۔ بلوچستان میں خواتین اور لڑکیوں کے خلاف تشدد کے خاتمہ کا اتحاد (G/EVAW Alliance) اور عورت فاؤنڈیشن نے کہا کہ خواتین اور بچوں کے خلاف تشدد کسی بھی صورت قابل قبول نہیں۔ خصوصاً کم عمر بچیوں کے ساتھ جنسی زیادتی، قتل اور خواتین پر تیزاب پھینکنے جیسے واقعات نہ صرف بنیادی انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہیں بلکہ قانون کی حکمرانی اور معاشرتی تحفظ کے نظام کے لیے بھی ایک بڑا چیلنج ہیں۔ ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے کہ ہر خاتون اور بچی کو زندگی، عزت، تحفظ اور انصاف کا حق فراہم کرے۔ بلوچستان میں خواتین اور لڑکیوں کے خلاف تشدد کے خاتمہ کا اتحاد (G/EVAW Alliance) اور عورت فاؤنڈیشن نے سول ہسپتال نوشکی میں پوسٹ مارٹم کے لیے سرجن کی عدم دستیابی کی اطلاعات بلکہ بلوچستان کے دیگر اضلاع میں موجود ہسپتالوں میں پولیس سرجن کے نہ ہونے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایسے حساس اور سنگین مقدمات میں طبی اور فرانزک سہولیات کی عدم دستیابی انصاف کے عمل کو متاثر کرسکتی ہے۔ حکومت بلوچستان کو چاہیے کہ صوبے کے تمام اضلاع میں، خصوصاً دور دراز علاقوں میں، مناسب فرانزک، طبی، نفسیاتی اور قانونی سہولیات کی دستیابی یقینی بنائے تاکہ متاثرین کو بروقت انصاف اور معاونت فراہم کی جاسکے۔ اتحادی اداروں نے مزید کہا کہ صرف مقدمات کا اندراج کافی نہیں بلکہ متاثرہ خواتین اور بچیوں کے لیے ایک جامع Survivor-Centred Response یقینی بنانا ہوگا، جس میں تحفظ، رازداری، طبی علاج، نفسیاتی معاونت، قانونی امداد اور بحالی شامل ہو۔ اسی طرح پولیس، صحت، پراسیکیوشن، سماجی بہبود، محکمہ حقوق نسواں اور دیگر متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ اور مربوط نظام قائم کیا جانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ بلوچستان میں خواتین اور لڑکیوں کے خلاف تشدد کے خاتمہ کا اتحاد (G/EVAW Alliance) اور عورت فاؤنڈیشن نے حکومت بلوچستان سے مطالبہ کیا کہ خواتین اور بچیوں کے خلاف تشدد کے بڑھتے ہوئے واقعات کی روک تھام کے لیے موجودہ قوانین پر مؤثر عملدرآمد، ملزمان کی بروقت گرفتاری اور سزا، متاثرین کے تحفظ، پولیس و عدالتی نظام کی استعداد کار میں اضافہ اور عوامی آگاہی کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ خواتین اور بچیوں کے خلاف تشدد کے واقعات پر خاموشی اختیار کرنا مزید تشدد کو جنم دیتا ہے۔ ریاستی اداروں، سول سوسائٹی، میڈیا، کمیونٹی اور معاشرے کے تمام طبقات کو مل کر ایسا ماحول پیدا کرنا ہوگا جہاں خواتین اور بچیاں خوف کے بغیر زندگی گزار سکیں اور ہر جرم کا ارتکاب کرنے والے کو قانون کے مطابق جوابدہ بنایا جائے۔ بلوچستان میں خواتین اور لڑکیوں کے خلاف تشدد کے خاتمہ کا اتحاد (G/EVAW Alliance) اور عورت فاؤنڈیشن نے حکومت بلوچستان سے توقع ظاہر کی کہ وہ ان واقعات کو محض انفرادی جرائم کے طور پر نہیں بلکہ خواتین اور بچیوں کے تحفظ سے متعلق ایک سنجیدہ اور فوری مسئلے کے طور پر دیکھتے ہوئے زیرو ٹالرنس پالیسی، مؤثر قانون نافذ کرنے اور فوری انصاف کے ذریعے واضح پیغام دے گی کہ بلوچستان میں خواتین اور بچیوں کے خلاف تشدد کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ اتحادی اداروں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان، وزیر داخلہ، وزیر صحت، ویمن پارلیمنٹری کاکس، محکمہ حقوق نسواں، محکمہ سماجی بہبود، پولیس اور دیگر متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ تمام مذکورہ واقعات کا فوری طور پر اعلیٰ سطحی نوٹس لیا جائے، تحقیقات کو شفاف اور غیر جانبدار بنایا جائے، ملزمان کو فوری طور پر گرفتار کرکے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور مقدمات کی مؤثر پیروی کے ذریعے متاثرین اور ان کے خاندانوں کو انصاف فراہم کیا جائے۔ بیان میں خاص طور پر مطالبہ کیا گیا کہ تیزاب گردی اور تشدد کا شکار خاتون کو فوری اور مکمل طبی علاج، نفسیاتی معاونت، قانونی مدد اور تحفظ فراہم کیا جائے، جبکہ جنسی تشدد کا شکار بچوں کے لیے طبی معائنہ، فرانزک سہولیات، نفسیاتی مدد اور قانونی معاونت کے تمام انتظامات فوری طور پر یقینی بنائے جائیں۔

بقیہ 12

ٹکڑے ٹکڑے کرنے کے مترادف ہیں۔ مختار خان یوسفزئی نے کہا کہ دہشت گردی کو محض صوبائی سرحدوں سے جوڑ کر خیبر پشتونخوا یا بلوچستان کو پنجاب کے لیے خطرے کا منبع قرار دینا تاریخ، زمینی حقائق اور گزشتہ کئی دہائیوں کی ریاستی پالیسیوں کو نظرانداز کرنے کے برابر ہے۔ پشتونخوا دہشت گردی کا مرکز نہیں بلکہ اس کا سب سے زیادہ متاثرہ خطہ ہے، جہاں نام نہاد افغان جہاد، مسلح گروہوں کی سرپرستی اور جنگ و دہشت گردی کی پالیسیوں کے نتیجے میں پشتون عوام نے ہزاروں جانوں، گھروں، کاروبار اور امن کی قربانیاں دی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سوات، وزیرستان، خیبر، باجوڑ، مہمند، پشاور اور جنوبی پشتونخوا سمیت مختلف علاقوں میں دہشت گردی اور فوجی کارروائیوں کے نتیجے میں لاکھوں افراد متاثر اور بڑی تعداد میں خاندان نقل مکانی پر مجبور ہوئے۔ آرمی پبلک اسکول پشاور، باچا خان یونیورسٹی، کوئٹہ سول ہسپتال کے وکلا کا قتل عام، مساجد اور بازاروں میں خودکش حملے اور سیاسی کارکنوں و قومی رہنماؤں کی ٹارگٹ کلنگ اس حقیقت کی گواہی دیتے ہیں کہ دہشت گردی کی سب سے بھاری قیمت پشتونخوا وطن کے عوام نے ادا کی ہے۔ مختار خان یوسفزئی نے کہا کہ اصل مسئلہ محض دہشت گردی نہیں بلکہ ملک میں جاری پنجاب کی استعماری حکمرانی ہے، جس کے تحت محکوم اقوام پشتون، بلوچ، سندھی اور سرائیکی کی تاریخی قومی وحدتوں، جغرافیائی حدود اور صوبائی حقوق کو متنازع بنانے، صوبوں کی ناروا تقسیم، اٹھارویں آئینی ترمیم کے خاتمے اور ان اقوام کے وسائل و معدنیات پر قبضے کی کوششیں جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان پالیسیوں کے تحفظ اور عوام کی رائے کو اصل مسائل سے ہٹانے کے لیے دہشت گرد تنظیموں اور مسلح جتھوں کو ریاستی سرپرستی دی جاتی رہی ہے اور ایسے بیانات کے ذریعے محکوم اقوام کو خطرے کے طور پر پیش کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کے عوام کو پشتونخوا یا بلوچستان کے عوام سے کوئی خطرہ نہیں بلکہ اصل خطرہ پنجاب کے استعماری حکمرانوں کی دہشت گردی، انتہاپسندی، استعماری سوچ اور وہ پالیسیاں ہیں جو عوام کو ایک دوسرے کے مقابل کھڑا کرتی ہیں۔ دہشت گردی کا راستہ کسی قوم یا صوبے سے نہیں بلکہ غلط پالیسیوں، انتہاپسند نظریات اور مسلح گروہوں کی سرپرستی سے نکلتا ہے۔ مختار خان یوسفزئی نے مطالبہ کیا کہ مریم نواز اپنے متنازع بیان پر محکوم اقوام اور بالخصوص پشتون عوام سے معافی مانگے اور اقوام و صوبوں کے درمیان بداعتمادی پیدا کرنے والے بیانات سے گریز کریں۔ ملک میں پائیدار امن کے لیے آئین کی بالادستی، پارلیمنٹ کی خودمختاری، اٹھارویں آئینی ترمیم کا تحفظ، صوبائی خودمختاری، قومی برابری اور محکوم اقوام کے وسائل پر ان کے حق کو تسلیم کرنا ضروری ہے۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی واضح کرتی ہے کہ پشتون عوام دہشت گردی کے ذمہ دار نہیں بلکہ اس کے سب سے بڑے متاثرین اور شہدا کی قوم ہیں۔

بقیہ 13

اسی طرح 20 کلو آٹے کا تھیلا بھی 3 ہزار روپے سے زائد میں فروخت کیا جارہا ہے۔ عوامی حلقوں نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دالبندین میں آٹا فروخت کرنے والے بیشتر تاجر کروڑ پتی بن چکے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ کیا آٹے کی فروخت میں اتنی زیادہ کمائی ہے یا روزانہ درجنوں ٹرک آٹا فروخت کرکے لاکھوں روپے کمائے جارہے ہیں؟ تاہم عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ حقیقت اس کے برعکس ہے۔ عوامی حلقوں کے مطابق مبینہ طور پر کوئٹہ کی فلور ملز اور آٹا فروشوں کی ملی بھگت سے 50 کلو آٹے کے تھیلے میں مقررہ وزن پورا نہیں ہوتا، جبکہ 20 کلو کے تھیلے میں بھی مکمل وزن نہیں دیا جاتا، لیکن صارفین سے مکمل وزن کی قیمت وصول کی جاتی ہے۔ دوسری جانب آٹا مہنگے داموں فروخت کرکے عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا جارہا ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ آٹا فروش مبینہ طور پر راتوں رات کروڑ پتی سے ارب پتی بن رہے ہیں، جبکہ غریب عوام مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں اور ان کا کوئی پرسان حال نہیں۔ عوامی حلقوں نے مزید کہا کہ دالبندین کے اسسٹنٹ کمشنر شہر میں پرائس کنٹرول اور بڑھتی ہوئی مہنگائی پر قابو پانے میں بری طرح ناکام ہوچکے ہیں۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ دالبندین میں انتظامیہ نام کی کوئی چیز موجود نہیں۔ سبزی فروش، پھل فروش، آٹا فروش اور پرچون کے دکاندار من مانی قیمتیں وصول کرکے غریب عوام کو لوٹ رہے ہیں، جبکہ انتظامیہ نے شہر کو گرانفروشوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا ہے۔ عوامی حلقوں نے انتظامیہ کی بے حسی اور مبینہ نااہلی پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دالبندین سمیت پورے ضلع چاغی میں گرانفروشوں کے خلاف انتظامیہ کی رٹ کہیں نظر نہیں آتی۔ عوام اس وقت شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ عوامی حلقوں نے چیف سیکرٹری بلوچستان سے مطالبہ کیا ہے کہ دالبندین سمیت ضلع چاغی میں بڑھتی ہوئی مہنگائی، گرانفروشی اور آٹے کے مبینہ کم وزن کی فوری طور پر تحقیقات کرائی جائیں اور ذمہ دار عناصر کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔

بقیہ 14

حبیب احمد بنگلزئی کی زیر صدارت دونوں کالجز کے پرنسپلز کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں فیسٹیول کے انتظامات، جاری تیاریوں، صفائی و ستھرائی، گراؤنڈز کی تزئین و آرائش، ضروری سہولیات اور مختلف تعلیمی، ثقافتی و ہم نصابی سرگرمیوں کے انعقاد سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر حبیب احمد بنگلزئی نے ہدایت کی کہ فیسٹیول کے تمام انتظامات مقررہ تاریخ سے قبل مکمل کیے جائیں اور طلبہ و طالبات کی بھرپور شرکت کو یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے خصوصی طور پر مختلف کھیلوں اور فنی سرگرمیوں کی تیاری، طلبہ و طالبات کی پریکٹس اور مقابلوں کے لیے ضروری سہولیات کی فراہمی پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ فیسٹیول کے دوران رسہ کشی، ٹیبل ٹینس، مختلف کھیلوں، ٹیبلوز، آرٹ اور دیگر تخلیقی و فنی سرگرمیوں کا انعقاد کیا جائے گا، جس کے لیے طلبہ و طالبات کو بھرپور تیاری اور پریکٹس کے مواقع فراہم کیے جائیں تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کا بہترین مظاہرہ کرسکیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ایجوکیشنل فیسٹیول وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی ہدایات کی روشنی میں منعقد کیا جارہا ہے، جس کا مقصد طلبہ کی تعلیمی، تخلیقی، فنی اور کھیلوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا، مثبت سرگرمیوں کو فروغ دینا اور نوجوانوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے لیے مؤثر پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع چمن میں تعلیمی معیار کی بہتری، طلبہ کی حوصلہ افزائی اور ایک مثبت و صحت مند تعلیمی ماحول کے فروغ کے لیے اقدامات جاری ہیں، جبکہ ایجوکیشنل فیسٹیول نوجوان نسل کی صلاحیتوں کو نکھارنے اور انہیں مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے کی اسی کاوش کا اہم حصہ ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ فیسٹیول کو کامیاب، منظم اور یادگار بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں اور انتظامات، صفائی، تزئین و آرائش، سرگرمیوں کی تیاری اور طلبہ و طالبات کی پریکٹس سمیت تمام امور کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 15

کاشف امر نے غیر قانونی کرش پلانٹس کے خلاف سخت اور وسیع پیمانے پر کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران مختلف علاقوں میں قائم کرش پلانٹس کا تفصیلی معائنہ کیا گیا۔ عدالتی احکامات اور متعلقہ قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے کرش پلانٹس کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے انتظامیہ نے متعدد مقامات پر سخت اقدامات کیے، جبکہ کارروائی کے دوران 13 افراد کو گرفتار کرلیا گیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر بروری کاشف امر نے کہا کہ غیر قانونی کرش پلانٹس کے خلاف کارروائی محکمہ داخلہ کے نوٹس اور عدالتی احکامات کی روشنی میں عمل میں لائی جارہی ہے اور کسی بھی فرد یا ادارے کو قانون کی خلاف ورزی کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ غیر قانونی کرش پلانٹس نہ صرف قوانین کی خلاف ورزی کا باعث بنتے ہیں بلکہ ماحولیاتی آلودگی اور گرد و غبار میں اضافے سمیت عوامی صحت کے لیے بھی مسائل پیدا کرتے ہیں۔ اس لیے عدالتی احکامات پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا گیا ہے۔

بقیہ 16

کے دوران پٹرول کی قیمت 299 روپے 50 پیسے سے بڑھ کر 358 روپے 77 پیسے فی لیٹر ہوگئی ہے، یعنی عوام کی جیب پر فی لیٹر تقریباً 59 روپے 27 پیسے کا اضافی بوجھ ڈال دیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پٹرول صرف گاڑی کا ایندھن نہیں بلکہ معیشت کی شہ رگ ہے۔ اس کی قیمت میں اضافہ براہ راست ٹرانسپورٹ کے کرایوں، اشیائے خورد و نوش، سبزی، پھل، دودھ، ادویات، تعمیراتی سامان اور روزمرہ استعمال کی ہر چیز کو مہنگا کرتا ہے۔ اس اضافے کا سب سے زیادہ بوجھ اس مزدور، کسان، دیہاڑی دار، سرکاری و نجی ملازم، چھوٹے تاجر اور سفید پوش خاندان پر پڑتا ہے جو پہلے ہی مہنگائی، بے روزگاری اور کم آمدنی کے شکنجے میں جکڑا ہوا ہے۔ حکومت عالمی منڈی کا حوالہ دے کر عوام کے پیٹ کی آگ نہیں بجھائی جاسکتی۔ جون کے آخر میں عالمی قیمتوں میں کمی کے باوجود حکومت نے پٹرول کی قیمت برقرار رکھتے ہوئے پٹرولیم لیوی میں اضافہ کیا تھا جس سے عوام کو ممکنہ ریلیف منتقل نہیں ہوا۔ اس قسم کی عوام دشمن معاشی پالیسی حکومت اپنے اخراجات، مراعات اور اشرافیہ کے مفادات کا تحفظ کررہی ہے، عوام مزید ٹیکس، مزید مہنگائی اور مزید معاشی قربانیوں کے متحمل نہیں ہوسکتے۔ عوام کو ریلیف چاہیے، مہنگائی، بیروزگاری، ٹیکسز کے بوجھ سے عوام کو نجات دی جائے اور ایسا معاشی نظام دیا جائے جس میں ریاست کی پالیسیوں کا مرکز اشرافیہ نہیں بلکہ عام شہری ہو۔ بیان میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافہ فوری واپس لیکر عوام کو فوری ریلیف دیا جائے اور عوام دشمن معاشی پالیسیوں کا راستہ ترک کیا جائے۔

بقیہ 17

پر گہرے رنج و غم اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے مرحومین کی صحافتی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ خلیل الرحمان اور موسیٰ قربان نے اپنی زندگی صحافت کے شعبے کے لیے وقف کیے رکھی اور ان کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ دالبندین پریس کلب کے عہدیداران و اراکین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ 18

یوں سے بھی اپیل کی گئی کہ وہ اشیائے خوردونوش ریٹ لسٹ کے مطابق خریدیں اور اگر کوئی دکاندار گراں فروشی یا زائد المیعاد اشیاء فروخت کرتا پایا جائے تو فوری طور پر تحصیل انتظامیہ کو اطلاع دیں، جس پر قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 19

تفصیلی غور و خوض اور بحث کی گئی۔ اجلاس میں کمیٹی کے اراکین مولانا ہدایت الرحمٰن اور شاہدہ رؤف نے شرکت کی۔ اجلاس میں سیکرٹری بلوچستان صوبائی اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، اسپیشل سیکرٹری اسمبلی عبدالرحمٰن، ایڈیشنل سیکرٹری قانون سعید اقبال، محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے متعلقہ حکام اور اسمبلی سیکرٹریٹ کے عملے نے شرکت کی۔ مذکورہ بل کا بنیادی مقصد صوبہ بلوچستان میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی، نکاسی آب اور گندے پانی کی فراہمی، انتظام اور ان کے مؤثر ضابطہ کاری کے لیے جامع قانونی فریم ورک قائم کرنا ہے۔ بل میں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے فرائض و ذمہ داریوں کے تعین، زیر زمین پانی کے اخراج کو منظم کرنے اور آبی ذخائر کے تحفظ، صوبائی گراؤنڈ واٹر ریگولیٹری بورڈ اور ضلعی واٹر سپلائی و سینیٹیشن گروپس کے قیام، دیہی و شہری پانی کی فراہمی کی اسکیموں کی مؤثر دیکھ بھال و آپریشن، گندے پانی کی صفائی اور صاف شدہ پانی کے محفوظ دوبارہ استعمال سمیت پانی کے نرخ، بلنگ اور وصولی کے نظام کو منظم کرنے کی تجاویز شامل ہیں۔ اجلاس کے دوران کمیٹی اراکین نے اس امر پر زور دیا کہ قانون کے تحت صرف عوام کو جوابدہ نہ بنایا جائے بلکہ متعلقہ سرکاری افسران اور اہلکاروں کی ذمہ داریاں بھی واضح طور پر متعین کی جائیں۔ اراکین نے تجویز دی کہ اگر کوئی افسر یا اہلکار قانون میں متعین فرائض کی انجام دہی میں ناکام رہتا ہے تو اس کے خلاف بھی مؤثر کارروائی اور سزا کا واضح طریقہ کار قانون کا حصہ ہونا چاہیے، جس میں پیڈا ایکٹ 2011ء کے تحت کارروائی کی شق شامل کی جائے۔ اراکین نے کہا کہ منتخب نمائندگان عوام کی نمائندگی کے لیے ایوان اور کمیٹیوں میں بیٹھتے ہیں اور عوامی مفاد کے خلاف کسی اقدام کی حمایت نہیں کی جاسکتی۔ اجلاس میں اس بات پر بھی تشویش کا اظہار کیا گیا کہ کوئٹہ سمیت صوبے کے مختلف علاقوں میں زیر زمین پانی کی سطح مسلسل کم ہورہی ہے، تاہم اس سنگین مسئلے کے تدارک کے لیے مؤثر اقدامات نظر نہیں آرہے۔ اراکین نے کہا کہ گھروں اور نجی مقامات پر قائم نجی بورز کے ذریعے زیر زمین پانی کے بے دریغ استعمال کو بھی منظم کرنے کی ضرورت ہے تاکہ قیمتی آبی ذخائر کو مزید نقصان سے بچایا جاسکے۔ کمیٹی کے چیئرمین مولانا نوراللہ نے بل پر اپنا ووٹ اس مؤقف کے ساتھ مخالفت میں دیا کہ ان کے نزدیک زیر بحث بل عوامی مفاد کے منافی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ کمیٹی کا مقصد عوام کے حقوق اور مفادات کا تحفظ ہے۔ مولانا ہدایت الرحمٰن نے بھی کہا کہ عوامی نمائندگان کا بنیادی فرض عوام کے مفادات کا تحفظ ہے۔ انہوں نے کوئٹہ WASA سمیت متعلقہ اداروں کی کارکردگی پر بھی سوالات اٹھاتے ہوئے کہا کہ ایسے اداروں میں عوامی وسائل کے مؤثر استعمال اور شفافیت کو یقینی بنانا ضروری ہے۔ اجلاس کے دوران اراکین نے اس امر پر زور دیا کہ پانی جیسی بنیادی ضرورت سے متعلق قانون سازی میں عوامی مفاد، شفافیت، اداروں کی جوابدہی اور پانی کے قدرتی وسائل کے تحفظ کو بنیادی اہمیت دی جانی چاہیے۔

بقیہ 20

تسلط سے امریکہ اپنی ہوس اور اجارہ داری خطے پر قائم کرنا چاہتے ہیں نے کہا کہ خطے میں جاری بدامنی، خون کی ہولی فساد امریکی جارحیت کا تسلسل ہے اب نئی سازشوں سے خطہ کو بدامنی کی آگ کی طرف دھکیل رہے ہیں امریکہ کی جارحیت اور مذموم عزائم سے پہلے بھی اس خطہ کا امن برباد کیا اب خطے میں مزید بدامنی پیدا کرنا چاہتے ہیں انہوں نے کہا کہ استعماری قوتوں نے اسلامی ممالک کے امن کو سبوتاژ کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ امریکہ مسلسل حملوں سے جنگ کو طول دینا چاہتا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عالمی برادری، اقوام متحدہ اور انسانی حقوق کی ادارے اس بدمست ہاتھی کی جنونیت اور انتہاپسندی پر کیوں خاموش ہے امریکہ کی جارحیت سے عالمی امن خطرے سے دوچار ہورہی ہے۔ جنگ نے ہمیشہ خطوں کو تباہی اور عدم استحکام سے دوچار کیا ہے۔ عالمی برادری امریکہ کی جارحیت و بربریت کو روک دے۔ امریکہ کی مسلسل جارحیت سے امن وسلامتی کے لیے خطہ میں خطرے کی گھنٹی بج رہی ہے

بقیہ 21

کہ بیان میں لوکل گورنمنٹ کے اسسٹنٹ انجینئر کو ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل کی پوسٹ پر ترقی دینے پر چیف سیکرٹری بلوچستان، سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ اور سلیکشن بورڈ کے ممبران کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان ڈپلومہ انجینئرز فیڈریشن کی جدوجہد کی بدولت لوکل گورنمنٹ کے اسسٹنٹ انجینئر کو ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل کے عہدے پر ترقی ملی جس پر فیڈریشن سلیکشن بورڈ کے تمام ممبران کا شکریہ ادا کرتی ہے۔ انہوں نے لوکل گورنمنٹ کے ڈپلومہ انجینئرز کو گریڈ 17 میں اسسٹنٹ انجینئر کی پوسٹ پر ترقی دینے کا خیر مقدم کیا۔ انہوں نے کہا کہ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ عبدالرؤف بلوچ، سیکشن آفیسر میر مختیار احمد زہری، سپرنٹنڈنٹ حاجی رشید اور حاجی نذیر احمد مینگل کی کوششوں سے لوکل گورنمنٹ کے ڈپلومہ انجینئرز کو ترقی ملی ہے ہم فیڈریشن کی طرف سے انہیں مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

بقیہ 22

کرنا آسان نہیں۔ صاحب حیثیت لوگ کسی حد تک مہنگے ٹیسٹوں کے اخراجات برداشت کرسکتے ہیں، لیکن غریب اور مزدور طبقہ پہلے ہی مہنگائی اور معاشی مشکلات کا شکار ہے، ایسے میں ہزاروں روپے کے تشخیصی ٹیسٹ ان کی استطاعت سے باہر ہوجاتے ہیں۔ غلام نبی مری نے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں کا بنیادی مقصد عوام کو سستی اور معیاری طبی سہولیات فراہم کرنا ہے، بالخصوص ان لوگوں کو جو نجی ہسپتالوں اور مہنگے تشخیصی مراکز کے اخراجات برداشت نہیں کرسکتے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ بولان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال سمیت صوبے کے تمام سرکاری ہسپتالوں میں ایم آر آئی، سی ٹی اسکین اور دیگر ضروری تشخیصی ٹیسٹوں کے نرخوں کا از سر نو جائزہ لیا جائے اور کم آمدن والے مریضوں کے لیے خصوصی رعایت یا مفت تشخیصی سہولیات کا مؤثر نظام وضع کیا جائے، تاکہ کوئی غریب مریض صرف مالی مشکلات کے باعث ضروری تشخیص اور علاج سے محروم نہ رہے۔

بقیہ 23

مولانا محمد یحییٰ سمیت تبلیغی جماعت کے دیگر ذمہ داران اور متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس کے دوران تبلیغی اجتماع کے حوالے سے سیکیورٹی، ٹریفک مینجمنٹ، شرکا کی آمد و رفت، انتظامی امور اور دیگر ضروری انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اس موقع پر اجتماع کے دوران امن و امان برقرار رکھنے اور شرکا کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرنے کے لیے باہمی تعاون اور مؤثر حکمت عملی پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا اجلاس میں بتایا گیا کہ سوراب تبلیغی اجتماع 27 ستمبر 2026 کو شروع ہوگا اور 29 ستمبر 2026 کو اختتام پذیر ہوگا اجتماع میں بڑی تعداد میں افراد کی شرکت متوقع ہے، جس کے پیش نظر ضلعی انتظامیہ کی جانب سے سیکیورٹی، ٹریفک اور دیگر انتظامات کو بروقت مکمل کرنے پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے اجلاس کے اختتام پر ملک و قوم کی سلامتی، امن و امان اور اجتماع کی کامیابی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ اجتماع کے دوران شرکا اور عام شہریوں کی سہولت، ٹریفک کی روانی اور امن و امان کو یقینی بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات بروقت مکمل کیے جائیں اجلاس کے شرکا نے اجتماع کو پرامن اور منظم انداز میں منعقد کرنے کے لیے ضلعی انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ 24

سلیم بنگلزئی، نائب صدر صاحبزادہ بسم اللہ خان نے کہا ہے کہ آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان بھر کے ٹھیکیداروں کی نمائندہ تنظیم ہے اور تنظیم کے عہدیداروں کو صوبے کے تمام ٹھیکیداروں کا اعتماد حاصل ہے انشاء اللہ ٹھیکیداروں کو درپیش مسائل حل کرنے کیلئے ہرممکن کوشش کریں گے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کی تقریب حلف برداری کی تقریب 3 اکتوبر کو کوئٹہ میں منعقد ہوگی جس میں بلوچستان اور صوبے کے تمام اضلاع کے عہدیدار اپنے عہدوں کا حلف اٹھائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ حلف برداری کی تقریب میں شرکت کیلئے صوبائی وزراء، ارکان صوبائی و قومی اسمبلی، سینیٹرز، قبائلی عمائدین، بیوروکریٹس، ایگزیکٹو انجینئرز، پی ڈیز، ایس ڈی اوز و سب انجینئرز و متعلقہ افسران کو دعوت دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ تقریب حلف برداری میں بلوچستان بھر سے ہزاروں کی تعداد میں ٹھیکیدار اور ایسوسی ایشن کے عہدیدار شرکت کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ حلف برداری کی تقریب کے انتظامات کو حتمی شکل دینے کیلئے جلد ہی کابینہ کا اجلاس بلایا جائیگا جس میں مختلف کمیٹیاں تشکیل دی جائیں گی جو حلف برداری کی تقریب کے انتظامات سنبھالیں گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان بھر کے ٹھیکیداروں نے آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے عہدیداروں پر جس اعتماد کا اظہار کیا ہے انشاء اللہ انکے اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ٹھیکیدار برادری کو درپیش مسائل کے حل کیلئے مختلف محکموں کے سیکرٹریز اور دیگر حکام بالا سے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری ہے اور اب تک کئی مسائل حل ہوچکے ہیں اور جو مسائل باقی حل رہ گئے ہیں انشاء اللہ انہیں بھی حل کریں گے۔

بقیہ 25

خوردونوش کی قیمتوں پر مؤثر نگرانی نہ ہونے کے باعث دکاندار من مانے نرخ وصول کررہے ہیں۔ دوسری جانب پرائس کنٹرول کمیٹی کی جانب سے باقاعدگی سے بازاروں کا معائنہ اور گرانفروشوں کے خلاف کارروائیاں نظر نہیں آرہیں۔ عوام نے ڈپٹی کمشنر اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ بازاروں میں نرخوں کی سخت نگرانی کی جائے، سرکاری نرخ نامے پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور گرانفروشی کے خلاف فوری کارروائی کی جائے تاکہ غریب عوام کو ریلیف مل سکے۔ سرکاری سطح پر بھی ضلعی قیمتوں کی نگرانی اور پرائس کنٹرول کے مؤثر نظام پر زور دیا گیا ہے۔

بقیہ 26

شیڈول کے مطابق وہ رجسٹرڈ سروس فراہم کنندگان جو POS مشین نصب کرکے اسے BRA کے ویب پورٹل سے منسلک کریں، تمام انوائسز، بلز یا رسیدیں الیکٹرانک طریقے سے جاری کریں اور صرف POS کے ذریعے ٹیکس انوائس/رسید جاری کریں، ان کیلئے ٹیکس کی شرح 2 فیصد مقرر کی گئی ہے۔ شیڈول کے مطابق مذکورہ خدمات پر ان پٹ ٹیکس کریڈٹ/ایڈجسٹمنٹ قابل قبول نہیں ہوگی۔ بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے متعلقہ سروس فراہم کنندگان پر زور دیا ہے کہ وہ ٹیکس قوانین کے تحت اپنی رجسٹریشن، درست ٹیکس رپورٹنگ، بروقت ریٹرن فائلنگ اور ٹیکس ادائیگی کو یقینی بنائیں، جبکہ POS انضمام کی سہولت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے شفاف اور ڈیجیٹل ٹیکس نظام میں اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ 27

ن بازئی اور شمس الرحمن بازئی کے چچازاد بھائی تھے۔ مرحوم کو آبائی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔ مرحوم کے انتقال پر پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے، صوبائی سیکرٹری فقیر خوشحال کاسی، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز مدا خان سنگر، سلیمان بازئی، پروفیسر اسد ترین، ضلع معاونین وودو بازئی، عبدالوہاب بازئی، علاقائی سیکرٹری عبداللہ افغان، محبت خان اور یحییٰ بازئی نے گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے لواحقین سے دلی تعزیت کی۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل نصیب کرے۔ دریں اثناء مرحوم کی فاتحہ خوانی اختر گل، کلی غیب زئی میں جاری ہے۔

بقیہ 28

مقدار سے کم پیٹرول کی فراہمی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے حقوق کے تحفظ اور پیمانوں میں شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے پیٹرول پمپس کی چیکنگ کا سلسلہ آئندہ بھی بلاتعطل جاری رہے گا۔

بقیہ 29

ری نظام اور درپیش مسائل کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ کمشنر نے اساتذہ کی حاضری، وقت کی پابندی اور تدریسی معیار پر خصوصی توجہ دینے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ طالبات کو معیاری تعلیم کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے اسکول انتظامیہ کو ہدایت کی کہ طالبات کی تعلیمی استعداد میں بہتری، نظم و ضبط اور ہم نصابی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے اسکول میں دستیاب بنیادی سہولیات کا بھی جائزہ لیا اور متعلقہ حکام کو درپیش مسائل کے حل اور ضروری سہولیات کی فراہمی کے لیے مناسب اقدامات اٹھانے کی ہدایات جاری کیں۔ کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے کہا کہ تعلیم خصوصاً بچیوں کی تعلیم معاشرے کی ترقی اور روشن مستقبل کی بنیاد ہے، اس لیے سرکاری تعلیمی اداروں میں معیار تعلیم کو بہتر بنانے اور طالبات کو سازگار تعلیمی ماحول فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ اس موقع پر اسکول کی انتظامیہ اور اساتذہ نے کمشنر لسبیلہ ڈویژن کو اسکول کے تعلیمی و انتظامی امور اور درپیش مسائل کے بارے میں تفصیلی بریفنگ بھی دی۔

بقیہ 30

و غم کا اظہار کرتے ہوئے صوبے میں صحافت کے لیے ان کی خدمات پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمانے کی دعا کی گئی ہے۔

بقیہ 31

مندوخیل نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے اور لواحقین کو صبر و ہمت کی توفیق دے۔

بقیہ 32

نے بلوچستان میں تعلیمی معیار کو بڑھانے کے لئے تعلیمی ایمرجنسی کا اعلان کیا ہے، بلوچستان میں بہت سارے بچے سکول سے باہر ہیں بڑی تعداد میں سکولز غیر فعال تھے جس کی بڑی وجہ وسائل کی کمی کی وجہ سے بہت سارے مزید بچے سکول سے باہر ہورہے تھے۔ اب حکومت نے تعلیمی بہتری کیلئے خصوصی اقدامات کیے ہیں جسکی وجہ سے شرح خواندگی 42 سے 49 فیصد تک چلی گئی ہے جو بہت بڑی کامیابی ہے، انہوں نے بتایا کہ ہم نے تعلیم اور محکمے کی بہتری کے لئے بہت سارے کام کرنے ہیں جس میں ڈیجیٹلائزیشن سکولوں کی اپ گریڈیشن غیر فعال سکولز کو فعال کرنا اور سکولوں کی اسٹیبلشمنٹ کی بہتری شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم مثبت سمت کی جانب بڑھ رہے ہیں جس میں ہم ایک نئی تعلیمی پالیسی متعارف کرکے ہر ضلعے کے لئے ایک نیا پلان مرتب کرنے جارہے ہیں چونکہ ہر ضلعے میں شرح خواندگی کا تناسب مختلف ہے۔ کوئی ضلع تعلیم میں آگے تو کوئی پیچھے ہے۔ بعض علاقوں میں بچیوں اور بعض علاقوں میں بچوں پر فوکس کم یا زیادہ کی شکایات ہیں ان وجوہات کی بنا پر بھی ایک مکمل پلاننگ ضلع سے لیکر صوبے تک مرتب کی جارہی ہے۔ اگلے 5 سال کے لئے ہمارے پاس ایک پرامید پلان ہے جس پر عمل پیرا ہوکر ہر بچہ سکول میں ہوگا۔ انہوں نے دعویٰ کہ بلوچستان میں تمام تر مسائل کے باوجود محکمہ تعلیم اور سکول فعال ہیں بچے تعلیم کے حصول کیلئے سکول جارہے ہیں جو سکول غیر فعال تھے اب وہ بتدریج فعال ہورہے ہیں سماجی کارکن۔ اور کونسلر ہدایت اللہ درانی نے بتایا کہ والدین کی ذمہ داری ہے کہ اپنے بچوں کو سکول میں داخل کرائیں انہیں باقاعدگی سے تعلیم حاصل کرنے کیلئے بھیجیں تاکہ اساتذہ انہیں تعلیم کے زیور سے روشناس کراتے ہوئے اپنی ذمہ داری نبھائیں اور بچوں پر غیر ضروری سختی نہ کی جائے تاکہ وہ سکولوں میں خوشی سے آئیں نہ کہ سکول سے راہ فرار حاصل کریں۔ بچوں کو سکول میں لانے کی ذمہ داری والدین محکمہ تعلیم، اساتذہ اور حکومت کی ہے ہم سب نے ملکر اس فریضے کو سرانجام دینا ہے۔ تاکہ بلوچستان سے تعلیمی پسماندگی کو دور کرکے پڑھا لکھا بلوچستان کے خواب کو شرمندہ تعبیر بنایا جاسکے۔ طالبعلم عبدالرحمٰن نے بتایا کہ محکمہ تعلیم اور حکومت کی جانب سے 2030ء کی پالیسی کے تحت ہر بچہ سکول میں اچھا اقدام ہے اس کے آنے والے وقت میں تعلیمی معیار پر مثبت اثرات مرتب ہونگے۔ طالبعلم اسفندیار نے بتایا کہ اچھا پلان ہے اس عمل سے تمام بچے تعلیم یافتہ ہوجائیں گے بچے تعلیم یافتہ ہونگے تو صوبے اور ملک کا نام روشن ہوگا انہوں نے بتایا کہ یہ کام حکومت کا ہے کہ تعلیم کے شعبے کو سپورٹ کرکے وسائل فراہم کرے

بقیہ 33

ری کی سربراہی میں ایس ایچ او انڈسٹریل خیر محمد نے کارروائی کرتے ہوئے ایک گاڑی سے تلاشی کے دوران ایک پسٹل، شراب برآمد کرکے اسے گرفتار کرلیا جبکہ دوسری کارروائی میں منشیات فروش مجاہد کے قبضے سے ایک کلو 300 گرام چرس برآمد کرکے اس کے خلاف مقدمہ درج کرکے کارروائی شروع کردی۔

بقیہ 34

جمعیت علما اسلام کے سابق ضلعی صدر مولانا ولی محمد ترابی میٹروپولیٹن کارپوریشن کے سابق ایڈمنسٹریٹر جبار بلوچ سی ایم آئی ٹی کے ممبر نور خان کھیتران ڈائریکٹر فوڈ ریاض ناصر ڈائریکٹر پاپولیشن نعیم کاسی ڈی جی کیو ڈی اے اورنگزیب کاسی قبائلی رہنما سعید آغا پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس کے سابق صدر شہزادہ ذوالفقار بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کے صدر منظور احمد رند جمعیت علما اسلام کے صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری سابق صوبائی وزیر حاجی محمد نواز کاکڑ جمعیت علما اسلام کے صوبائی پریس سیکرٹری سابق صوبائی وزیر حاجی عین اللہ شمس بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کے سابق صدر سلمان اشرف سابق سیکرٹری عصمت اللہ کاکڑ بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری عصمت اللہ ترین پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما نور خان ناصر بلوچستان نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی پریس سیکرٹری ڈاکٹر ناشناس لہڑی بلوچستان نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر میر غلام نبی مری پاکستان تحریک انصاف کے ضلعی جنرل سیکرٹری عبداللہ خان ناصر جمعیت علما اسلام نظریاتی کے مرکزی سیکرٹری عبدالستار چشتی سابق ڈی جی پی ڈی ایم اے نصیر احمد ناصر پاکستان تحریک انصاف کے صوبائی سیکرٹری جمعہ خان خلجی مرکزی انجمن تاجران ہزار گنجی کے صدر سید عبدالخالق آغا پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ژوب کے سیکرٹری عبدالخالق ناصر قبائلی رہنما ملک صلاح الدین کاکڑ کوئٹہ پریس کلب کے جنرل سیکرٹری محمد ایوب ترین بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کے سابق صدر عیسیٰ ترین سینئر صحافی ظفر اللہ خان سینئر صحافی حمید اللہ مسور سینئر صحافی سید علی شاہ عبید آغا زین الدین خلجی سید علی فیاض فاؤنڈیشن کے چیئرمین ارسلان فیاض پی ٹی وی کرنٹ افیئر کے انچارج ایگزیکٹو پروڈیوسر علی لانگو اخبار فروشاں کے صدر میر احمد بلوچ سابق ڈی ایچ او ژوب ڈاکٹر سلام ناصر ثنا فاؤنڈیشن کے چیئرمین ڈاکٹر ثنا خان اچکزئی قبائلی رہنما ملک ولی خان ناصر ملک رشید کاکڑ ڈاکٹر ملک خان بازئی قبائلی رہنما ملک عبدالعلی کاکڑ پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما غنی کاکڑ جمعیت علما اسلام کے رہنما صادق اچکزئی قبائلی رہنما سیف الرحمٰن تارن ایس ایس پی (ر) سید آغا مسلم لیگ ن کے صوبائی رہنما میر اسد مینگل بلوچستان نیوز کے چیف ایڈیٹر انور خان ناصر ڈی جی پی آر یونین کے صدر شمس کاکڑ معروف ٹھیکیدار انور مندوخیل سابق وفاقی وزیر حاجی رحمت اللہ کاکڑ سمیت مختلف مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے شخصیات نے ظاہر خان ناصر کے گھر جا کر اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کی اور دعا کی اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائیں

بقیہ 35

مزید آسان ہوگئی ہے، جس سے انہیں روزانہ آمدورفت کے مسائل اور اضافی سفری اخراجات سے بھی بڑی حد تک نجات ملے گی۔ اس اقدام سے علاقے کے نوجوانوں کے لیے اعلیٰ تعلیم کے حصول کے مواقع مزید وسیع ہونے کی توقع ہے۔ صوبائی وزیر میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ طلبہ و طالبات کو سفری اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کوئی احسان نہیں بلکہ عوامی نمائندے کی ذمہ داری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ محدود اور دستیاب وسائل کے اندر رہتے ہوئے کوشش کی جارہی ہے کہ بلیدہ سمیت پورے علاقے کے عوام کو جدید اور بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ تعلیم کے معیار اور نوجوانوں کے مستقبل پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا۔ ان کے مطابق نوجوان کسی بھی معاشرے کا سب سے قیمتی سرمایہ ہیں اور انہیں معیاری تعلیم، بہتر تعلیمی ماحول اور ضروری سہولیات کی فراہمی علاقے کی ترقی کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے تعلیم کے شعبے میں مزید سہولیات اور مواقع پیدا کرنے کے لیے اقدامات جاری رکھے جائیں گے

بقیہ 01

آہنگ کرتے ہوئے اس کی آپریشنل اور انتظامی صلاحیتوں میں مزید بہتری لائی جائے تاکہ ادارہ صوبے میں فضائی سہولیات کے فروغ کے لیے مؤثر کردار ادا کرسکے وزیراعلیٰ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ کمپنی کے امور میں شفافیت، پیشہ ورانہ نظم و نسق اور مؤثر نگرانی کو یقینی بنایا جائے جبکہ منظور کیے گئے فیصلوں پر بروقت عملدرآمد کے لیے واضح میکنزم وضع کیا جائے اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری خزانہ جہانگیر خان، ڈائریکٹر جنرل بلوچستان ایوی ایشن کمپنی کیپٹن علی آزاد سمیت بلوچستان ایوی ایشن کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اراکین اور متعلقہ حکام نے شرکت کی

بقیہ 02

ترجیحات میں شامل قرار دیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت مالیات تک رسائی منصوبہ 28-2036 کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا، جس میں وزیراعظم اپنا گھر اسکیم، زرعی شعبے اور ایس ایم ایز کی ترقی کے لیے فنانسنگ کی فراہمی سے متعلق پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ زرعی شعبہ ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، اس لیے اس کے فروغ اور کسانوں کو سہولیات کی فراہمی کے لیے اقدامات کرنا قومی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ کسانوں کو آسان شرائط پر بلا رکاوٹ مالی وسائل کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ وزیراعظم نے کم آمدن اور متوسط طبقے کے لیے سستی ہاؤسنگ کی فراہمی کو حکومت کی ترجیح قرار دیتے ہوئے صوبائی چیف سیکریٹریز کو ہدایت کی کہ ایسی املاک کا جامع سروے کرایا جائے جہاں بینک وزیراعظم اپنا گھر اسکیم کے تحت گھر کے خواہشمند افراد کو قرضے فراہم کرسکیں۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ وزیراعظم اپنا گھر اسکیم کے تحت اب تک 147,504 درخواستیں موصول ہوچکی ہیں، جن میں سے 53,127 درخواستیں منظور کی جاچکی ہیں۔ منظور شدہ درخواستوں کی مجموعی مالیت 313.42 ارب روپے ہے، جبکہ 8,739 درخواست گزاروں کو 45.43 ارب روپے کے قرضے فراہم کیے جاچکے ہیں۔ بریفنگ کے مطابق ملک بھر میں ایسے پلاٹس کی نشاندہی کے لیے نظام تیار کیا جارہا ہے جو مورگیج کی شرائط پوری کرتے ہوں، جس کا پائلٹ منصوبہ اسلام آباد سے شروع ہوگا۔ وزیراعظم اپنا گھر اسکیم کو مزید مربوط بنانے کے لیے معروف ہاؤس ڈویلپرز کو بھی اس عمل میں شامل کرنے کا مؤثر طریقہ کار وضع کیا جائے گا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ زرعی شعبے کے لیے بینکوں کی جانب سے قرضوں کا حجم اگست 2026 میں 1.268 ٹریلین روپے رہا، جبکہ مالیات تک رسائی کے منصوبہ 2026-28 کے تحت جون 2028 تک زرعی قرضوں کا ہدف 2 ٹریلین روپے مقرر کیا گیا ہے۔ بریفنگ کے مطابق زرخیز (ای زرخیز) ایپ کے ذریعے آسان قرضوں کے لیے 35,838 درخواستیں موصول ہوئیں، جن میں سے 7.35** ارب روپے کے قرضے منظور کیے گئے، جبکہ 1.96 ارب روپے کے قرضے جاری کیے جاچکے ہیں۔ ایس ایم ایز کے شعبے میں اگست 2026 تک بینکوں کے قرضوں کا حجم 1.067 ٹریلین روپے رہا، جسے مالیات تک رسائی منصوبہ کے تحت جون 2028 تک بڑھا کر 2 ٹریلین روپے کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ سیڈا نے گزشتہ تین ماہ کے دوران 1,096 ایس ایم ایز کو مالیاتی خواندگی کی تربیت فراہم کی۔ اجلاس میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزراء احد خان چیمہ، رانا تنویر حسین، محمد اورنگزیب اور ریاض حسین پیرزادہ، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی، وزیراعظم کے مشیر ہارون اختر خان، گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد، چاروں صوبوں، آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان کے چیف سیکریٹریز، عالمی بینک کی کنٹری ڈائریکٹر بولورما امگا بزر، پاکستانی بینکوں کے صدور و سی ای اوز اور متعلقہ اعلیٰ سرکاری حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 03

افراد صرف اپنی زندگی خود مختار انداز میں گزار سکتے ہیں بلکہ لاکھوں لوگوں کی خدمت اور معاشرے کی تعمیر و ترقی میں مؤثر کردار ادا کرسکتے ہیں۔ اس ضمن میں اسپیشل پرسن سید رفیع اللہ جیسے نوجوان ہمارے لیے صرف خصوصی افراد نہیں بلکہ عزم، ہمت اور امید کی روشن مثال ہیں۔ گورنر مندوخیل نے سید رفیع اللہ کی تعلیمی خواہش اور مستقبل کے عزائم کو سراہتے ہوئے انہیں لیپ ٹاپ فراہم کرنے اور ان کی خواہش کے مطابق متعلقہ تعلیمی شعبے میں فوری طور داخلہ دلانے کی ہدایت کی۔ یہ بات انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں اسپیشل پرسن سید رفیع اللہ کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ دونوں ہاتھوں سے محروم سید رفیع اللہ نے عزم، حوصلے اور غیر معمولی صلاحیتوں کی ایسی زندہ مثال قائم کی ہے جو اس حقیقت کا عملی ثبوت ہے کہ جسمانی معذوری انسان کے خوابوں، صلاحیتوں اور کامیابی کی راہ میں رکاوٹ نہیں بن سکتی۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ انہیں مواقع، سہولیات اور حوصلہ فراہم کیا جائے۔ گورنر مندوخیل نے عالمی شہرت یافتہ سائنسدان اسٹیفن ہاکنگ کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ وہ شدید جسمانی معذوری کے باعث اپنی زندگی کا بیشتر حصہ وہیل چیئر تک محدود رہے لیکن اپنی غیر معمولی ذہانت، ریسرچ اور بلند عزم کی بدولت کائنات کے اسرار کو سمجھنے میں دنیا کی فکری رہنمائی کی اور سائنس کی تاریخ میں اپنا نام ہمیشہ کے لیے رقم کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ اگر عزم زندہ ہو تو ہاتھ نہ ہونے کے باوجود انسان نئے کارنامے سرانجام دے سکتا ہے۔ سید رفیع اللہ جیسے باہمت نوجوان بلوچستان کے دوسرے نوجوانوں کیلئے امید، حوصلے اور خود اعتمادی کا پیغام ہے۔

بقیہ 04

گیا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ڈیرہ بگٹی، سوئی اور پورے علاقے کو ترقی کے دھارے میں شامل کرنے کے لیے تاریخ ساز منصوبوں پر کام جاری ہے، جبکہ متعدد اہم منصوبے مکمل کیے جاچکے ہیں۔ حکومت بلوچستان علاقے میں تعلیم، صحت، ذرائع مواصلات اور روزگار کے مواقع کی فراہمی سمیت بنیادی سہولیات کی بہتری پر خصوصی توجہ دے رہی ہے انہوں نے کہا کہ گیس کمپنیوں میں مقامی افراد کو روزگار کے مواقع کی فراہمی اور مقامی آبادی کی فلاح و بہبود حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ گیس کمپنیوں کے سوشل ریسپانسبلٹی اور بہبود کے فنڈز کو بھی عوامی مفاد کے منصوبوں پر خرچ کرنے کے لیے مؤثر حکمت عملی اختیار کی جارہی ہے تاکہ ان وسائل سے مقامی آبادی کو براہ راست فائدہ پہنچ سکے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت ترقیاتی عمل کو محض اعلانات تک محدود رکھنے کے بجائے عملی اقدامات کے ذریعے ڈیرہ بگٹی، سوئی اور ملحقہ علاقوں میں دیرپا ترقی کی بنیاد مضبوط کررہی ہے۔ تعلیم اور صحت کے شعبوں کے ساتھ سڑکوں اور دیگر مواصلاتی ذرائع کی بہتری، روزگار کے مواقع اور عوامی سہولیات کی فراہمی کے منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر آگے بڑھایا جارہا ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ علاقے کے عوام کی ترقی اور خوشحالی حکومت کی ذمہ داری ہے اور اس مقصد کے لیے دستیاب وسائل کو شفاف اور مؤثر انداز میں بروئے کار لایا جارہا ہے

بقیہ 05

پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور دہشتگردی کے خلاف کارروائیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت اور صلاحیتوں پر پوری قوم کو فخر ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی کا کہنا تھا کہ غیر ملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشتگردی کے خاتمے کے لیے قانون نافذ کرنے والے اداروں کا عزم قابل ستائش ہے۔ عزم استحکام کے تحت دہشتگردی کے خلاف کارروائیاں قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ 06

تعاون کی اہمیت پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔ کہا گیا کہ اس تعاون سے پولیس افسران کی فوجداری قانون، تفتیشی طریقہ کار، شہادتیں جمع کرنے اور مقدمات کی تیاری سے متعلق استعداد بہتر ہوگی۔ چیف جسٹس نے کہا کہ پیشہ ورانہ تفتیش اور معیاری شواہد مؤثر اور منصفانہ نظام فوجداری انصاف کے لیے اہم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تفتیش اور شہادتیں جمع کرنے کے مراحل میں پولیس کی کارکردگی فوجداری انصاف کے معیار پر براہ راست اثر انداز ہوتی ہے اور پولیس افسران انصاف کی فراہمی کے نظام کے اہم شراکت دار ہیں۔ چیف جسٹس نے پیشہ ورانہ، قانون سے آگاہ اور حقوق کا احترام کرنے والے پولیس افسران کی تربیت میں نیشنل پولیس اکیڈمی کے کردار کو سراہا۔ ڈین نسٹ لا اسکول نے چیف جسٹس کو ادارے کے قانونی تعلیم کے پروگرامز سے آگاہ کیا۔ ملاقات میں نسٹ لا اسکول اور فیڈرل جوڈیشل اکیڈمی کے درمیان تعاون کی تجویز پر بھی بات ہوئی۔ بتایا گیا کہ مجوزہ تعاون سے قانون کے طلبہ کو عدالتی عمل، پیشہ ورانہ اخلاقیات اور قانون کے ابھرتے شعبوں سے عملی آگاہی حاصل ہوگی۔ چیف جسٹس نے کہا کہ معیاری قانونی تعلیم بار اور بالآخر عدالتی نظام کو مضبوط بنانے کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ انہوں نے مستقبل کے باصلاحیت اور پیشہ ور قانونی ماہرین کی تیاری میں نسٹ لا اسکول کے کردار کو سراہا۔ چیف جسٹس نے دونوں اداروں کے فیڈرل جوڈیشل اکیڈمی کے ساتھ مجوزہ تعاون کا خیر مقدم کرتے ہوئے استعداد کار، ادارہ جاتی سیکھنے اور نظام انصاف کو مضبوط بنانے کے لیے مشترکہ اقدامات میں ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ 07

میں ملوث ملزمان کو گرفتار کرکے گاڑی چوری سمیت دیگر جرائم کے واقعات کے تدارک کو یقینی بنایا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز منعقدہ اجلاس کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ایس ایس پی سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ (SCIW)، ایس ایس پیز اور کوئٹہ کے چاروں ڈویژن کے ایس پیز بھی شریک تھے۔ ڈی آئی جی کوئٹہ عمران شوکت نے شہر میں گاڑی چوری کے واقعات، ان کی روک تھام، چوری شدہ گاڑیوں کی برآمدگی اور وارداتوں میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائیوں کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ افسران کو گاڑی چوری میں ملوث عناصر کے خلاف سخت اور مؤثر کارروائیاں تیز کرتے ہوئے مسروقہ گاڑیوں کی برآمدگی اور ان وارداتوں میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کو یقینی بنا کر انہیں قانون کے شکنجے میں جکڑا جائے تاکہ چوری سمیت راہزنی دیگر جرائم کی وارداتوں پر قابو پا کر عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جاسکے۔ انہوں نے تمام متعلقہ آفیسران کو ہدایت کی کہ گاڑی چوری کے مقدمات کی تفتیش میں جدید تکنیکی و تفتیشی ذرائع سے بھرپور استفادہ کیا جائے اور منظم چور گروہوں کے خلاف مربوط کارروائیاں عمل میں لائی جائیں۔ کیونکہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح اور ذمہ داری ہے، گاڑی چوری سمیت دیگر سنگین جرائم کے خاتمے کیلئے پولیس کی جانب سے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں تاکہ امن کے خواب کو شرمندہ تعبیر بنایا جاسکے

بقیہ 08

طلاعات عطا تارڑ سمیت دیگر حکام بھی وزیراعظم کے وفد میں شامل ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے دی جانے والی استقبالیہ تقریب میں شرکت کریں گے۔ ذرائع کے مطابق نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی مختلف ممالک کے ہم منصب وزرائے خارجہ سے متعدد ملاقاتیں متوقع ہیں۔ اسحاق ڈار کے مختلف ہم منصبوں سے دوطرفہ اور علاقائی امور پر اہم ملاقاتیں ہوں گی۔

بقیہ 09

بستیوں سے آنے والی اشیا پر پابندی کے فیصلے کا خیر مقدم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ فلسطینی علاقے میں غیر قانونی اسرائیلی بستیوں کی مسلسل توسیع بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ غیر قانونی بستیوں کی توسیع دو ریاستی حل کے حصول کی عالمی کوششوں اور خطے میں امن و استحکام کی کوششوں کو نقصان پہنچا رہی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان نے کینیڈا، ڈنمارک، فن لینڈ، فرانس، آئس لینڈ، آئرلینڈ، ناروے، پولینڈ، پرتگال، اسپین اور سویڈن کی جانب سے غیر قانونی اسرائیلی بستیوں کے خلاف اسی نوعیت کے اقدامات پر غور کا بھی خیر مقدم کیا ہے۔ سجاد حیدر خان نے امید ظاہر کی کہ یہ اقدامات مقبوضہ فلسطینی علاقے میں غیر قانونی اقدامات کو واضح اور دوٹوک انداز میں مسترد کرنے کا پیغام دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان فلسطینی عوام کی حق خود ارادیت کی منصفانہ جدوجہد کے ساتھ کھڑا ہے اور اس کی حمایت جاری رکھے گا۔ پاکستان نے ایک خود مختار، آزاد اور متصل فلسطینی ریاست کے قیام کی حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ فلسطینی ریاست 1967 سے قبل کی سرحدوں کی بنیاد پر قائم ہونی چاہیے اور ''القدس الشریف فلسطینی ریاست کا دارالحکومت ہونا چاہیے۔

بقیہ 10

ن میں سڑک بلاک کرکے ٹریفک معطل کرنے کی کوشش کی، سکیورٹی فورسز نے فوری طور پر کارروائی کرتے ہوئے دہشتگردوں کو گھیر لیا اور فائرنگ کے تبادلے میں 8 بھارتی سرپرست یافتہ دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا۔ اسی طرح 7 ستمبر کو واشک کے علاقے میں بھی دہشتگردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کارروائی کی گئی جہاں آپریشن کے دوران افواج نے دہشتگردوں کی پناہ گاہ کو مؤثر انداز میں تباہ کر دیا اور فائرنگ کے تبادلے کے بعد 3 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ اور کارروائی کے بعد سکیورٹی فورسز نے دیسی ساختہ بم بنانے میں استعمال ہونے والا 2.9 ٹن دھماکا خیز مواد بھی برآمد کرکے قبضے میں لیکر دہشت گردوں کے خلاف سینیٹائزیشن آپریشن کیا اور یہ کارروائیاں آخری دہشت گرد کے خاتمے تک جاری رہیں گی۔

بقیہ 11

ہے، جبکہ لائف ویری فکیشن اب نادرا اور اکاؤنٹنٹ جنرل کے دفاتر کے ذریعے ہوگی۔ پنشنرز نادرا کی پاک آئی ڈی ایپ کے ذریعے ہر 180 دن بعد اپنی زندگی کی تصدیق کراسکیں گے۔ وزارت خزانہ کے مطابق مارچ اور ستمبر میں لازمی لائف سرٹیفکیٹ جمع کرانے کی پرانی شرط بھی ختم کردی گئی ہے۔ نادرا کی جانب سے فراہم کردہ ڈیجیٹل لائف سگنل براہ راست کنٹرولر جنرل آف اکاؤنٹس (سی جی اے) اور ملٹری اکاؤنٹنٹ جنرل (ایم اے جی) کو موصول ہوگا۔ نئے ایس او پی کے تحت پنشن اکاؤنٹس کو آئندہ غیر فعال یا ڈارمنٹ قرار نہیں دیا جائے گا۔ پروف آف لائف جمع نہ کرانے کی صورت میں بھی کمرشل بینک پنشن اکاؤنٹ پر ڈیبٹ پابندی عائد نہیں کرسکیں گے۔ تاہم اگر مسلسل چھ ماہ تک ڈیجیٹل لائف سگنل موصول نہ ہو تو پنشن سسپنس اسٹیٹس میں چلی جائے گی۔ وزارت خزانہ کے مطابق لائف سگنل موصول ہوتے ہی پنشن خودکار طور پر بحال کردی جائے گی اور معطل مدت کے بقایا جات بھی جاری کردیے جائیں گے۔ نئی پالیسی کے تحت کمرشل بینک صرف پنشن کی ادائیگی کے ادارے کے طور پر کام کریں گے اور معمول کے حالات میں لائف سرٹیفکیٹ یا بائیومیٹرک ڈیٹا جمع کرنے کے مجاز نہیں ہوں گے۔ پنشن کی ادائیگی براہ راست بینک اکاؤنٹس میں جاری رہے گی۔ وزارت خزانہ نے پنشنرز کے لیے فزیکل ڈسبرسر باف کے نظام کو بھی مستقل طور پر ختم کردیا ہے۔ تاہم ڈیجیٹل تصدیق ممکن نہ ہونے کی صورت میں پنشنرز کو ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس دفاتر کے ذریعے دستی تصدیق کی سہولت دستیاب ہوگی۔ انتہائی عمر رسیدہ پنشنرز فارم 10 کے ذریعے لائف سرٹیفکیٹ جمع کراسکیں گے، جبکہ خاندانی پنشنرز کو ازدواجی حیثیت سے متعلق فارم 12 جمع کرانا ہوگا۔ وزارت خزانہ کے مطابق 22 اگست 2026 سے پہلے ڈارمنٹ کیے گئے پنشن اکاؤنٹس دوبارہ فعال کیے جائیں گے۔ ستمبر 2026 سے پنشن کی رقم موصول ہوتے ہی پرانے ڈارمنٹ اکاؤنٹس بھی فعال کردیے جائیں گے۔ نئے ایس او پی کے تحت پنشن کی ادائیگی کے لیے اکاؤنٹ کھولنے اور اسے برقرار رکھنے پر پنشنرز سے کوئی سروس چارجز وصول نہیں کیے جائیں گے۔ وزارت خزانہ کا کہنا ہے کہ نئے ڈیجیٹل نظام کا مقصد پنشنرز کے لیے لائف ویری فکیشن کے عمل کو آسان بنانا، غیر ضروری بینکنگ رکاوٹوں کا خاتمہ اور پنشن کی بلاتعطل ادائیگی کو یقینی بنانا ہے۔

بقیہ 12

۔ جبکہ درست ویزا اور پاسپورٹ کے بغیر کسی بھی غیر ملکی کا پاکستان میں قیام قانونی نہیں۔ ترجمان سجاد حیدر خان نے کہا کہ افغان طلبہ کی ویزا توسیع کی درخواستوں پر موجودہ قواعد کے تحت کارروائی جاری ہے اور متعلقہ ادارے ہر درخواست کو مروجہ پالیسی اور قوانین کے مطابق دیکھ رہے ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ غیر قانونی غیر ملکیوں کی وطن واپسی کے منصوبے کے تحت درست ویزا اور پاسپورٹ کے بغیر کسی بھی غیر ملکی کا پاکستان میں قیام غیر قانونی تصور ہوگا۔ انہوں نے واضح کیا کہ جو غیر ملکی درست ویزا اور پاسپورٹ کے بغیر پاکستان میں قیام کرے گا، وہ ملک بدری کا ذمہ دار ہوگا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے ایک بار پھر واضح کیا کہ افغان طلبہ سمیت تمام غیر ملکی شہریوں کے ویزا توسیع کے معاملات موجودہ قوانین، ضوابط اور پالیسی کے مطابق نمٹائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 13

ب سے ان کے خلاف کارروائیاں نہ ہونا سوالیہ نشان ہے۔ کوئٹہ میں 40 روپے فی کلو پیاز کی قیمت بڑھنے سے 200 روپے فی کلو فروخت ہونے لگا عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ کوئٹہ سمیت بلوچستان میں حکومت اور ضلعی انتظامیہ کی دیگر معاملات کے حوالے سے رٹ نہ ہونے کی وجہ سے اس وقت کوئٹہ میں مہنگائی کا طوفان اٹھ آیا ہے ریڑھی بانوں اور دکانداروں نے شہریوں کو پھلوں، سبزیوں، سلاد، دھنیا، سبز مرچ، مصالحہ جات کی قیمتیں اپنی مرضی سے بڑھا دی ہے۔ کوئٹہ میں پیاز 160 روپے کلو فروخت ہورہا تھا جس میں 40 روپے فی کلو اضافہ کردیا اور اب 200 روپے فی کلو پیاز فروخت کرنے کے ساتھ ساتھ ریڑھی بانوں سبز دھنیا، سبز پیاز، پودینہ کی گٹھی 10 روپے سے بڑھا کر 20 روپے فرخت کرنا شروع کردی ہے۔ اسی طرح سبزیوں کی قیمتیں بھی اپنی مرضی سے بڑھا دی ہیں۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ بڑھتی ہوئی مہنگائی اور گراں فروشی میں ملوث دکانداروں کے خلاف ضلعی انتظامیہ اور علاقہ مجسٹریٹ کی جانب سے کارروائی نہ ہونا سوالیہ نشان ہے اور حکومت سمیت متعلقہ ادارے عوام کو گراں فروشی سے چھٹکارا دلانے کے لئے ذخیرہ اندوزوں اور گراں فروشوں کے خلاف کارروائی کرے۔

بقیہ 14

د بار نادرا دفتر کے چکر کاٹے لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہذا انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب کوئٹہ کے دفتر سے رابطہ کیا اور متعلقہ محکمے کی تاخیر اور عدم توجہی کے خلاف درخواست دائر کی درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کا بلاک شدہ شناختی کارڈ فوری طور پر بحال کیا جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کا بلاک شدہ شناختی کارڈ بحال کر دیا۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 15

جہ سفیر آمنہ بلوچ بھی موجود تھیں۔ وزیراعظم نے نئے اطالوی سفیر کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور اٹلی کے درمیان بہترین دوطرفہ تعلقات قائم ہیں۔ انہوں نے اطالوی وزیراعظم جارجیا میلونی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے ان کے ساتھ اپنی سابقہ ملاقاتوں کا بھی ذکر کیا۔ اطالوی سفیر یوگو سیارلاتانی نے ملاقات کا موقع فراہم کرنے پر وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ وہ اپنی تعیناتی کے دوران پاکستان اور اٹلی کے تعلقات کو مزید فروغ اور مستحکم کرنے کے لیے بھرپور کوشش کریں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے یقین دہانی کرائی کہ پاکستان دونوں ممالک کے تعلقات مزید مضبوط بنانے کے لیے مکمل تعاون فراہم کرے گا، خصوصاً زراعت، آئی ٹی و مصنوعی ذہانت، صنعت، ٹیکسٹائل اور عوامی سطح پر رابطوں کے شعبوں میں تعاون بڑھایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان باہمی دلچسپی کے تمام شعبوں میں اٹلی کے ساتھ قریبی تعاون جاری رکھنے کا خواہاں ہے۔

بقیہ 16

ملک کے بہترین مفاد میں ہوگا، اٹھارویں ترمیم کی روح کے مطابق یہ معاملہ بہت پہلے حل ہوجانا چاہیے تھا۔ نئے انتظامی یونٹس کے قیام میں کئی سال کی تاخیر ہو چکی ہے۔ خواجہ آصف کے مطابق صوبوں کے معاملے پر آخر کار پارلیمنٹ نے فیصلہ کرنا ہے۔ نئے صوبوں کے قیام پر کھلی مجلسوں اور ہر سطح پر بحث ہونی چاہیے۔

بقیہ 17

علاقوں سے وابستگی کو منفرد انداز میں پیش کیا۔ یوم آزادی کی مناسبت سے شروع کی گئی اس مہم کا مقصد پاکستانی عوام کو یہ موقع فراہم کرنا تھا کہ وہ اپنے اپنے انداز میں پاکستان کو پیش کریں اور ان مقامات، روایات، ثقافتوں، لوگوں اور روزمرہ زندگی کے ان خوبصورت لمحات کو اجاگر کریں جو ان کے لیے خصوصی اہمیت رکھتے ہیں۔ مہم کے دوران ملک کے مختلف حصوں سے موصول ہونے والی ہزاروں تخلیقی کاوشوں نے پاکستان کے ثقافتی اور سماجی رنگوں کو نمایاں کیا۔ شرکاء نے اپنے آبائی شہروں، قصبوں، دیہات، مقامی روایات اور اپنی زندگی سے جڑی یادوں کو تخلیقی انداز میں پیش کیا، جس سے پاکستان کی ایک ایسی تصویر سامنے آئی جو مختلف علاقوں اور ثقافتوں کو ایک مشترکہ قومی جذبے میں جوڑتی ہے۔ مہم کے اختتام پر اپنے شہر یا علاقے کی منفرد شناخت کو اجاگر کرنے کی صلاحیت کی بنیاد پر پانچ فاتحین کا انتخاب کیا گیا۔ 'دل سے دیکھو سرسبز پاکستان' کے فاتحین میں لاہور سے Noorehtsham، ملتان سے Ayesha، اوکاڑہ سے Hareera Alvi، گجرات سے bhatti_brand_1989 جبکہ بہاولپور سے Hum Kissan Hamara Pakistan2 شامل ہیں۔ فاتحانہ کاوشوں میں پاکستان کے مختلف شہروں اور علاقوں کے لوگوں، مقامات، ثقافت اور مقامی شناخت کو منفرد انداز میں پیش کیا گیا، جو اس امر کی عکاس ہے کہ پاکستان کی خوبصورتی صرف اس کے معروف مقامات تک محدود نہیں بلکہ ملک کے ہر شہر، قصبے اور گاؤں کی اپنی ایک کہانی اور اپنی ایک پہچان ہے۔ اس موقع پر فاطمہ فرٹیلائزر کی ڈائریکٹر مارکیٹنگ اینڈ سیلز راحیل سدوزئی نے کہا کہ 'دل سے دیکھو سرسبز پاکستان' کے لیے عوام کی جانب سے ملنے والا ردعمل انتہائی حوصلہ افزا رہا۔ انہوں نے کہا کہ ہزاروں افراد نے پاکستان کو اپنی اپنی نظر سے پیش کیا اور ہر کہانی میں وطن سے محبت، اپنی شناخت سے وابستگی اور اپنے گھر سے تعلق کا ایک منفرد جذبہ نظر آیا۔ شہروں اور قصبوں سے لے کر دیہات اور ملک کے نسبتاً کم معروف علاقوں تک، شرکاء نے پاکستان کے ایسے رنگ اجاگر کیے جو بلاشبہ قابل فخر ہیں۔ انہوں نے مہم کے تمام شرکاء کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ فاتحین کو مبارکباد دینے کے ساتھ ساتھ ہم اس فرد کا شکریہ ادا کرتے ہیں جس نے اپنی کہانی شیئر کرکے اس مہم کو پاکستان کی اجتماعی خوبصورتی اور قومی جذبے کی عکاسی کرنے والا پلیٹ فارم بنانے میں کردار ادا کیا۔ سرسبز کی اس مہم نے نہ صرف پاکستان کے مختلف علاقوں کی ثقافتی اور سماجی رنگا رنگی کو ایک پلیٹ فارم پر رکھا بلکہ عوام کو اپنے اپنے علاقوں کی خوبصورتی اور شناخت اجاگر کرنے کا موقع بھی فراہم کیا۔ مختلف علاقوں سے سامنے آنے والی کہانیوں نے یہ پیغام اجاگر کیا کہ پاکستان کی اصل خوبصورتی اس کے لوگوں، ثقافتوں، روایات اور ان سے جڑی بے شمار ذاتی کہانیوں میں پوشیدہ ہے۔ 'دل سے دیکھو سرسبز پاکستان' کے ذریعے سرسبز نے انفرادی کہانیوں کو ایک اجتماعی قومی منظرنامے میں تبدیل کیا، جہاں ہر شہر اور ہر علاقے نے پاکستان کی مجموعی شناخت میں اپنا ایک رنگ شامل کیا۔ مہم کے اختتام پر سرسبز نے فاتحین کے ساتھ ساتھ تمام شرکاء کو بھی خراج تحسین پیش کیا، جن کی تخلیقی کاوشوں نے اس مہم کو پاکستان سے محبت، علاقائی شناخت اور قومی جذبے کے اظہار کا ایک منفرد ذریعہ بنایا۔ کیونکہ پاکستان کی سب سے خوبصورت کہانیاں وہی ہیں، جو دل سے دیکھی جائیں۔

بقیہ 18

پاک بحریہ نے قربانی، مہارت، شجاعت کی روایت پروان چڑھائی۔ پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر ہے اور دشمن کی کسی بھی جارحیت کا فیصلہ کن جواب دیا جائے گا۔ امیر البحر کا کہنا تھا کہ 8 ستمبر 1965 کو پاک بحریہ نے دوارکا میں دشمن کے ساحلی ریڈار تنصیبات کو کامیابی سے نشانہ بنایا، معرکہ حق میں بھارتی بحریہ کو ہر ممکنہ جارحیت سے باز رکھا۔ ہنگور کلاس آبدوزوں کی پاک بحریہ میں شمولیت غیر معمولی جنگی صلاحیتوں کے ساتھ نئے عہد کا آغاز ہے۔ یوم دفاع کی تقریبات کا آغاز پاک بحریہ کی تمام مساجد میں ملکی سلامتی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعاؤں سے ہوا، مختلف فیلڈ کمانڈز اور ہیڈ کوارٹرز میں بھی شہداء کی یادگاروں پر پھول چڑھائے گئے اور فاتحہ خوانی کی گئی

بقیہ 19

ل، ٹرانسپورٹ اور ترقیاتی منصوبوں پر حملے بلوچستان کے عوام کو روزگار اور معاشی مواقع سے محروم کرنے کی سازش ہیں۔ بیرونی آقاؤں کی سرپرستی میں فتنہ الہندوستان کے تخریبی پروپیگنڈے کو بلوچستان کے باشعور عوام یکسر مسترد کر چکے ہیں۔ فتنہ الہندوستان کے ہاتھوں اپنے پیاروں کو کھو دینے والے متاثرین نے کہا کہ بلوچستان کی شرپسند تنظیم نوجوانوں کو اغوا کرکے بے دردی سے قتل کر دیتی ہے۔ فتنہ الہندوستان کے حملوں میں شہید مزدوروں کے لواحقین نے شرپسند تنظیم کو بلوچستان کی معاشی ترقی کا دشمن قرار دیا۔ ماہرین کے مطابق بھارتی ایما پر فتنہ الہندوستان کے انتشار انگیز پروپیگنڈے کا مقصد بلوچستان میں منفی بیانیے کو فروغ دے کر نوجوان نسل کو گمراہ کرنا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ بلوچستان میں امن دشمن دہشت گرد تنظیم فتنہ الہندوستان کے عوامی حقوق کے نام نہاد دعوؤں کی مکروہ حقیقت آشکار ہو چکی ہے۔

بقیہ 20

اظہار کیا۔ اعلامیے کے مطابق اجلاس میں موجودہ چینی ذخائر اور متوقع پیداوار کا جائزہ لیا گیا اور اس امر پر اطمینان کا اظہار کیا گیا کہ ملک میں موجود چینی کے ذخائر اور آئندہ متوقع پیداوار آئندہ کرشنگ سیزن تک ملکی ضروریات پوری کرنے کے لیے کافی ہیں۔ اجلاس میں چینی کی دستیابی اور طلب و رسد کی صورتحال سے متعلق مختلف پہلوؤں پر بھی غور کیا گیا۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ملک میں چینی سمیت ضروری اشیاء کی دستیابی اور قیمتوں کے استحکام کو یقینی بنانے کے لیے صورتحال پر مسلسل اور کڑی نظر رکھی جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو ضروری اشیاء مناسب اور سستے داموں فراہم کرنا حکومت کی ترجیح ہے، اس لیے مارکیٹ میں کسی بھی ممکنہ عدم توازن سے بروقت نمٹنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ اسحاق ڈار نے زور دیا کہ فوڈ سکیورٹی، مارکیٹ استحکام اور ضروری اشیاء کی وافر دستیابی کے لیے متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری ناگزیر ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ چینی کی طلب، رسد، ذخائر اور قیمتوں سے متعلق صورتحال کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جائے تاکہ کسی بھی ممکنہ مسئلے کی صورت میں فوری کارروائی عمل میں لائی جاسکے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ چینی سمیت بنیادی اور ضروری اشیاء کی دستیابی اور قیمتوں میں استحکام کے لیے نگرانی کا عمل مسلسل جاری رہنا چاہیے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ فوڈ سکیورٹی کے تحفظ اور مارکیٹ میں استحکام برقرار رکھنے کے لیے بروقت فیصلے اور مربوط اقدامات یقینی بنائے جائیں۔ اجلاس میں وفاقی وزیر خوراک، وفاقی وزیر اطلاعات، معاون خصوصی طارق باجوہ، سیکرٹری خوراک، سیکرٹری تجارت سمیت متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران حکام نے چینی کے موجودہ ذخائر اور مستقبل میں متوقع پیداوار کے حوالے سے نائب وزیراعظم کو بریفنگ دی۔ اجلاس میں اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ چینی کی دستیابی اور قیمتوں کے حوالے سے مارکیٹ کی صورتحال کی باقاعدہ نگرانی کی جائے اور عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے رسد کے تسلسل کو برقرار رکھا جائے۔ حکام کو ہدایت کی گئی کہ چینی سمیت ضروری اشیاء کی فراہمی میں کسی قسم کی رکاوٹ پیدا نہ ہونے دی جائے اور مارکیٹ استحکام کے لیے تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے کے ساتھ کام کریں

بقیہ 21

، فنانس سیکرٹری غلام فاروق جتوئی، ممبران رئیس نوروز خان ابڑی، عرفان علی بدوزئی و دیگر نے روزنامہ جنگ کوئٹہ کے چیئرمین اور ایڈیٹوریل کمیٹی سید خلیل الرحمن اور سینئر فوٹو جرنلسٹ موسیٰ فرمان کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے اپنے تعزیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ سید خلیل الرحمن اور موسیٰ فرمان نے بلوچستان میں صحافت کے شعبے میں نمایاں خدمات انجام دیے ان کی وفات سے صحافتی حلقوں میں پیدا ہونے والا خلا طویل عرصے تک محسوس کیا جائے گا مرحومین کی صحافتی خدمات کو ہمیشہ قدر و احترام سے یاد رکھا جائے گا انہوں نے مرحومین کے اہل خانہ، عزیز و اقارب سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرما کر ان کی مغفرت اور پسماندگان کو یہ عظیم صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

بقیہ 22

کیڈٹ ایکسیلنس اسکالرشپ پروگرام 2026 کے تحت بلوچستان کے 6 ہونہار طلباء کو ملک کے اعلیٰ معیاری تعلیمی اداروں میں تعلیم کے حصول کے لیے میرٹ کی بنیاد پر اسکالرشپ کے لیے منتخب کیا گیا ہے۔ منتخب طلباء کا تعلق نصیرآباد، صحبت پور، کوئٹہ اور چمن سے ہے۔ منتخب طلباء میں ضلع صحبت پور سے 2، ضلع کوئٹہ سے 2، جبکہ اضلاع نصیرآباد اور چمن سے ایک، ایک طالب علم شامل ہیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر BEEF خالد ماندائی نے کامیاب طلباء اور ان کے والدین کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ کیڈٹ ایکسیلنس اسکالرشپ پروگرام کا مقصد بلوچستان کے باصلاحیت نوجوانوں کو معیاری تعلیمی اداروں تک رسائی فراہم کرنا اور ان کی تعلیمی، شخصی اور قائدانہ صلاحیتوں کو مزید نکھارنے کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ BEEF میرٹ، شفافیت اور مساوی مواقع کے اصولوں کے تحت بلوچستان کے قابل طلباء کی تعلیمی معاونت کے لیے کوشاں ہے۔ ملک کے معتبر تعلیمی اداروں میں بلوچستان کے طلباء کا میرٹ پر انتخاب صوبے کے نوجوانوں کی صلاحیت اور تعلیمی استعداد کا واضح ثبوت ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے تعلیم دوست وژن کے تحت حکومت بلوچستان اور BEEF باصلاحیت نوجوانوں کو معیاری تعلیم کے مساوی مواقع فراہم کرنے اور ان کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کے لیے اقدامات جاری رکھے ہوئے ہیں۔ BEEF کی جانب سے تمام منتخب طلباء اور ان کے والدین کو اس اہم کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کی گئی ہے۔ امید ہے کہ یہ طلباء اپنی محنت، نظم و ضبط اور قابلیت کے ذریعے بلوچستان اور پاکستان کا نام روشن کریں گے۔

بقیہ 23

سعودی عرب سے 873.5 ملین ڈالر آئیں، اس کے بعد متحدہ عرب امارات سے 749.8 ملین ڈالر، برطانیہ سے 563.7 ملین ڈالر اور امریکہ سے 308.9 ملین ڈالر موصول ہوئے۔۔۔

بقیہ 24

کے آرڈر دیے ہیں۔ جبکہ 800 حقداروں کو ان کا حق دلایا ہے اور آئندہ بھی حقداروں کو ان کا حق دلاتے رہیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو سکندر جمالی آڈیٹوریم میں محکمہ اریگیشن کے ترقی پانے والے 138 ملازمین میں ترقی کے لیٹر تقسیم کرنے کے موقع پر شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر چیف انجینئر کوئٹہ بشیر ترین، قربان جتوئی اور پی پی کے ضلع کوئٹہ کے صدر میر رحمت اللہ زہری کے علاوہ میر ارسلان عمرانی اور دیگر بھی موجود تھے۔ میر صادق عمرانی نے کہا کہ ہم نے ہمیشہ صوبے سے بے روزگاری، بدامنی کے خاتمے کیلئے اپنا کردار ادا کیا ہے میں نے محکمے کا قلمدان سنبھالنے کے بعد لواحقین کوٹہ کے تحت 121 متاثرین کو تعیناتی کے آرڈر دیے ہیں ہمارا کام ملازمت فراہم کرنا اور صوبے میں ترقی کے لئے اقدامات اٹھانا ہے یہ میرے لئے اعزاز کی بات ہے کہ ایک بار پھر محکمے کے ملازمین جن کی اگلی گریڈ میں ترقیاتی گزشتہ کئی سالوں سے التواء کا شکار تھی 138 ملازمین کو اگلے گریڈ میں میرٹ کی بنیاد پر ترقیاں دی ہے اور آج انہیں پروموشن لیٹر دے رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ اس سے قبل بھی میں نے 10 سال سے اپنے حقوق کے لئے جدوجہد کرنے والے 800 متاثرین کو وزیراعلیٰ ہاؤس میں تعیناتی کے لیٹر دیئے ہیں جس کا مقصد صوبے سے بے روزگاری ختم کرکے لوگوں کو روزگار دیکر امن کی بحالی ممکن بنانی ہے اور یہ امانت ہے کہ جس کو میں نبھاتا رہوں گا کیونکہ یہ ملازمین کی محنت کا پھل ہے جو انہیں ملنا چاہیئے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن کی بحالی، ترقی اور خوشحالی کے لئے ہم سب نے ملکر اپنا کردار ادا کرنا ہے تاکہ بلوچستان کو اس بحرانی کیفیت سے نکال کر ترقی کی راہ پر گامزن کیا جاسکے اس کے لئے میں ہر فورم پر اپنا کردار ادا کرتا رہوں گا انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں بلوچ پشتون اقوام کی اپنی روایات اور ثقافت ہے ہم نے انہیں بھی ملحوظ خاطر رکھنا ہے اور مجھے دلی خوشی ہے کہ لوگوں کے کام کئے جارہے ہیں اور پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ بے روزگاری، بدامنی کے خاتمے کے لئے اپنا کردار ادا کیا ہے اور کرتی رہے گی۔ ہم نے متحد ہو کر اس بحرانی کیفیت سے صوبے کو نکال کر ترقی کی راہ پر گامزن کرنا ہے اس لئے ہمیں اپنے ساتھیوں کی بھی حالات کی بہتری اور مسائل کے حل کیلئے متحد ہو کر کردار ادا کرنے کی تلقین کرنی چاہئے۔

بقیہ 25

ہلاکت پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ سکیورٹی فورسز کی جرأت، پیشہ ورانہ صلاحیت اور عزم قابل تحسین ہے۔ واشک میں دہشت گردوں کے ٹھکانے سے بھاری مقدار میں دھماکہ خیز مواد برآمد کرنا اہم کامیابی ہے۔ قائم مقام صدر نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پاکستان کے عزم کو کوئی متزلزل نہیں کرسکتا، پوری قوم ملک کے امن و سلامتی کے لیے قربانیاں دینے والی سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے، بلوچستان سمیت ملک بھر میں پائیدار امن و استحکام کے لیے پرعزم ہیں۔ ادھر وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ 11 دہشت گردوں کو انجام تک پہنچانا سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، جرات اور بروقت کارروائی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ محمد حنیف عباسی نے کہا کہ وطن عزیز کے امن و سلامتی کے لیے سکیورٹی فورسز کی لازوال قربانیاں پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں۔ بلوچستان کی سرزمین کو دہشت گردوں سے پاک کرنے کے لیے پوری قوم اپنی بہادر سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ وفاقی وزیر ریلوے نے کہا کہ دہشت گرد عناصر اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے، پاکستان امن دشمنوں کے خلاف متحد ہے۔ بلوچستان میں امن و استحکام کے قیام کے لیے سکیورٹی فورسز کی خدمات اور قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک ریاستی اداروں اور قوم کا عزم برقرار رہے گا۔ ملک کے دفاع اور عوام کے تحفظ کے لیے سکیورٹی فورسز کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔

بقیہ 26

ران اسحاق ڈار اور مصری وزیر خارجہ نے پاکستان اور مصر کے درمیان دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیا اور مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کے عزم کا اظہار کیا۔ دونوں رہنماؤں نے خطے کی مجموعی صورتحال اور علاقائی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ اہم علاقائی معاملات پر پاکستان اور مصر کے درمیان قریبی مشاورت کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ دونوں وزرائے خارجہ نے علاقائی امور پر سعودی عرب اور ترکیہ کے ساتھ قریبی مشاورت برقرار رکھنے اور R4 وزرائے خارجہ کے ذریعے اس مشاورت کو مزید وسعت دینے پر بھی اتفاق کیا۔ گفتگو کے دوران محمد اسحاق ڈار اور بدر عبدالعاطی نے آئندہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر ملاقات بھی طے پائی۔ دونوں وزرائے خارجہ نیویارک میں جنرل اسمبلی کے موقع پر ملاقات کریں گے اور باہمی و علاقائی امور پر مزید تبادلہ خیال کریں گے۔ پاکستان اور مصر نے اس موقع پر اپنے دیرینہ اور برادرانہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے عزم کا بھی اعادہ کیا۔

بقیہ 27

نال کے علاقے بیزن پور میں منشیات فروشوں کی مبینہ سرگرمیوں کے باعث اہل محلہ شدید پریشانی میں مبتلا ہیں۔ علاقہ مکینوں کے مطابق رات کے اوقات میں منشیات کے عادی افراد گلیوں میں گھومتے نظر آتے ہیں، بعض منشیات کے عادی منشیات کے لیے رقم نہ ہونے پر گھروں سے قیمتی سامان چوری کرکے اسے فروخت کرتے ہیں۔ منشیات کے پھیلاؤ سے نوجوان نسل کا مستقبل داؤ پر لگ رہا ہے، مگر صورتحال کے باوجود مؤثر کارروائی نظر نہیں آرہی۔ شہریوں نے نال پولیس سے مطالبہ کیا ہے کہ بیزن پور میں منشیات فروشوں کے خلاف فوری اور بلاامتیاز کارروائی کی جائے تاکہ علاقے کے نوجوانوں کو منشیات سے بچایا جاسکے اور اہل محلہ کو تحفظ فراہم ہو۔

بقیہ 28

پہ ماہ 0.7 فیصد اضافہ ہوا۔ جولائی تا اگست مالی سال 27 کے دوران کارکنوں کی مجموعی ترسیلات 7.3 ارب ڈالر ہوگئیں جو گذشتہ سال کی اسی مدت میں موصول ہونے والے 6.4 ارب ڈالر کے مقابلے میں 14.7 فیصد اضافہ ہے۔ اگست 2026، میں موصول ہونے والی ترسیلات زر کا بیشتر حصہ سعودی عرب (873.5 ملین ڈالر) سے آیا جس کے بعد متحدہ عرب امارات (749.8 ملین ڈالر)، برطانیہ (563.7 ملین ڈالر) اور امریکہ (308.9 ملین ڈالر) سے رقوم موصول ہوئیں۔

بقیہ 29

کردی ہیں۔ نئی پالیسی کے تحت سول سرونٹس کو کھلے مقابلے کے عمل (اوپن کمپٹیشن پراسس) کے ذریعے اسپیشل پے اسکیل کے ساتھ ساتھ بعض کنٹریکچوئل عہدوں پر بھی تقرری کی اجازت ہوگی، جبکہ ایسی تعیناتیوں پر ڈیپوٹیشن پالیسی کے تحت متعلقہ سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ وزارت خزانہ نے اسپیشل پے اسکیل اور کنٹریکچوئل عہدوں سے متعلق نیا آفس میمورنڈم جاری کیا ہے، جس کے ذریعے گزشتہ سال جاری کی گئی پالیسی میں جزوی ترمیم کی گئی ہے۔ نئی پالیسی کے مطابق مینجمنٹ پے اسکیل، پروجیکٹ پے اسکیل اور اسپیشل پے اسکیل کے ساتھ کنٹریکچوئل عہدوں کو بھی پالیسی کے دائرہ کار میں شامل کرلیا گیا ہے۔ سول سرونٹس کو اوپن کمپٹیشن پراسس کے ذریعے ان عہدوں پر تقرری کے لیے درخواست دینے اور جوائننگ کی اجازت ہوگی۔ آفس میمورنڈم کے مطابق اسپیشل پے اسکیل پر تعینات سول سرونٹس کو ڈیپوٹیشن پالیسی کے تحت دستیاب سہولیات حاصل ہوں گی، جبکہ نئی پالیسی کے تحت سول سرونٹس کی تقرری اور تعیناتی بھی ڈیپوٹیشن پالیسی کے مطابق کی جائے گی۔ وزارت خزانہ نے واضح کیا ہے کہ حکومت کی اکثریتی ملکیت اور انتظامی اختیار رکھنے والے اداروں کو سرکاری ادارے تصور کیا جائے گا۔ نئی پالیسی وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے زیر انتظام اداروں پر بھی لاگو ہوگی۔ ترمیم کے بعد سرکاری کارپوریشنز، خودمختار اداروں اور دیگر متعلقہ اداروں میں موجود کنٹریکچوئل عہدے بھی پالیسی کے دائرہ کار میں آگئے ہیں۔ وزارت خزانہ کے مطابق نئی پالیسی کا مقصد اسپیشل پے اسکیلز اور کنٹریکچوئل عہدوں پر سول سرونٹس کی تقرری کے طریقہ کار کو واضح اور منظم کرنا ہے، جبکہ تقرریاں مقررہ قواعد و ضوابط اور ڈیپوٹیشن پالیسی کے تحت کی جائیں گی۔

بقیہ 30

طبقے کو ہر سطح پر مراعات اور فوائد دیے جارہے ہیں۔ جماعت اسلامی اشرافیہ کے قبضے سے نجات اور عوام کے حقوق کے لیے جدوجہد کررہی ہے، دھرنے عوام کے تحفظ اور ان کے مستقبل کے لیے ہیں، ان کا کوئی ذاتی یا سیاسی ایجنڈا نہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ادارہ نورحق کراچی میں کانفرنس سے کرتے ہوئے کیا۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ اگر دھرنا کمزور یا ناکام ہوا تو اس کا فائدہ صرف اشرافیہ کو ہوگا، اس لیے تمام سیاسی جماعتیں اپنے اختلافات ایک طرف رکھ کر عوامی مطالبات پر جماعت اسلامی کی تحریک کے ساتھ دیں۔ 10 ستمبر کے مذاکرات کے نتائج دیکھنے کے بعد اسلام آباد مارچ کا اعلان کیا جائے گا اور اس سلسلے میں دیگر اپوزیشن جماعتوں سے بھی مشاورت کی جائے گی۔ حکومت مذاکرات میں سنجیدہ نہ ہوئی تو اسلام آباد کی جانب مارچ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کے دھرنے ملک بھر میں 25 ویں روز میں داخل ہوگئے ہیں اور 32 مقامات پر جاری ہیں۔ گورنر ہاؤس پر گزشتہ روز بڑی تعداد میں عوام موجود تھے۔ 11 ستمبر کو گوجرانوالہ میں بڑا جلسہ عام جبکہ 12 ستمبر کو اسلام آباد میں خواتین کا بڑا جلسہ ہوگا۔ حکومت نے جماعت اسلامی سے مذاکرات کے لیے رابطہ کیا ہے، ہم نے واضح کیا ہے کہ عوام کو فوری ریلیف دیا جائے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات پر عائد ٹیکسز بڑا مسئلہ ہیں، پٹرولیم لیوی کا عالمی منڈی کی قیمتوں سے تعلق نہیں بلکہ یہ حکومتی نااہلی اور غلط معاشی پالیسیوں کا نتیجہ ہے۔ جماعت اسلامی نے لیوی ختم کرنے کے لیے حکومت کو تجاویز دی ہیں اور تکنیکی کمیٹی نے اپنی سفارشات بھی پیش کردی ہیں۔ حکومت اور جماعت اسلامی کی کمیٹی کا پہلا اجلاس بھی ہوچکا ہے، لیوی کے خاتمے کے لیے 6/7 اہم نکات پیش کیے گئے ہیں۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ حکومت نے ایک سال میں عوام سے 1567 ارب روپے پٹرولیم لیوی وصول کیا، عوام پر مہنگائی کا بوجھ ڈالنے کے ساتھ مزید ٹیکس وصول کرنا ظلم ہے۔ پٹرولیم لیوی ختم نہ کی گئی تو 10 ستمبر کی رات دھرنے کا اعلان کریں گے اور حکومت کو عوامی مطالبات تسلیم کرنے پر مجبور کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پٹرولیم لیوی کا معاملہ جماعت اسلامی یا ان کا ذاتی مسئلہ نہیں بلکہ کروڑوں پاکستانیوں کا مسئلہ ہے۔ انہوں نے سندھ اسمبلی میں پٹرولیم لیوی کے خلاف قرارداد منظور ہونے پر مبارکباد دیتے ہوئے مطالبہ کیا کہ قرارداد فوری طور پر وفاق کو بھیجی جائے اور مضبوط سفارشات کے ساتھ روانہ کی جائے۔ پیپلز پارٹی وفاقی حکومت سے پٹرولیم لیوی کے خاتمے کے لیے بات کرے، اختلافات اپنی جگہ لیکن عوامی مفاد کے مسئلے پر سیاسی جماعتوں کو کردار ادا کرنا چاہیے۔ شرح سود کے حوالے سے حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ شرح سود میں بتدریج کمی سے بینک مالکان کے منافع پر اثر پڑ سکتا ہے لیکن اس سے قوم کا بھلا ہوگا۔ پالیسی شرح سود میں ایک فیصد کمی سے حکومت کو تقریباً 600 ارب روپے کا فائدہ ہوگا جبکہ تین فیصد کمی سے تقریباً 1700 ارب روپے کی بچت ہوسکتی ہے۔ پاکستان اپنے قرضوں پر سالانہ تقریباً 8 ہزار ارب روپے سود ادا کررہا ہے، شرح سود کم ہونے سے قرضوں کی ادائیگی کا بوجھ بھی کم ہوگا۔ حافظ نعیم نے کہا کہ سود کے خلاف جماعت اسلامی کی جدوجہد طویل عرصے سے جاری ہے، سود کے خاتمے کا معاملہ وفاقی شرعی عدالت اور سپریم کورٹ تک گیا۔ حکومت نے اسٹیٹ بینک کو خودمختار ادارہ بنا کر مسئلہ مزید پیچیدہ کردیا، اسٹیٹ بینک کو خودمختاری دینے کا قانون فوری طور پر تبدیل کیا جائے۔ حکومت چاہے تو پارلیمنٹ کے ذریعے یہ قانون تبدیل کرسکتی ہے۔ پالیسی شرح سود کم کرنے کے لیے حکومت کو اسٹیٹ بینک پر مؤثر بات کرنی چاہیے اور عالمی مالیاتی ادارے کے پروگرام کو غلامی کا ذریعہ نہیں بنانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ شرح سود کم کرنے سے بینکوں کے منافع میں کمی ہوسکتی ہے لیکن بینک مالکان کا مفاد عوامی مفاد پر حاوی نہیں ہونا چاہیے۔ بینکوں اور حکومت کے گٹھ جوڑ نے عوام کو مشکلات میں ڈال رکھا ہے۔ یہ مؤقف بھی درست نہیں کہ شرح سود کم کرنے سے مہنگائی بڑھے گی۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ مہنگائی نے غریب اور متوسط طبقے کو تباہ کردیا ہے، حالانکہ متوسط طبقہ معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے۔ اس طبقے کی بچتیں مارکیٹ میں آئیں تو معیشت کو کئی گنا فائدہ ہوسکتا ہے۔ حکومت عوام کو تعلیم، صحت، پانی اور بجلی جیسی بنیادی سہولتیں فراہم کرنے میں ناکام ہے۔ سرکاری اسکولوں اور کالجوں میں معیاری تعلیم دستیاب نہیں، والدین پیٹ کاٹ کر اور قرض لے کر بچوں کو تعلیم دلا رہے ہیں جبکہ سرکاری اسپتالوں کی صورتحال بھی انتہائی خراب ہے۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ کراچی میں عوام پانی بھی ٹینکرز سے خریدنے پر مجبور ہیں اور امن بھی اپنی جیب سے خریدنا پڑ رہا ہے۔ میر رضا علی کیس نے پولیس نظام کی خامیاں بے نقاب کردی ہیں، پہلے اس واقعے کو خودکشی قرار دے کر معاملہ دبانے کی کوشش کی گئی اور اب تحقیقات پر اثر انداز ہونے کی کوشش کی جارہی ہے۔ ملک میں مافیاز کا راج ہے اور ریاست بنیادی سہولتیں دینے میں ناکام ہوچکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئی پی پیز کو بجلی بنائے بغیر اربوں روپے ادا کیے گئے، انہیں 1700 سے 1800 ارب روپے دیے گئے۔ آئی پی پیز سے مذاکرات بھی جماعت اسلامی کے احتجاج کا نتیجہ ہیں۔ احتجاج کبھی رائیگاں نہیں جاتا، جماعت اسلامی پوری قوم کی طرف سے تحریک چلا رہی ہے۔ ایف بی آر کی کارکردگی پر تنقید کرتے ہوئے حافظ نعیم نے کہا کہ ادارے کی ناقص کارکردگی کا بوجھ عوام پر ڈالا جارہا ہے۔ ایف بی آر ٹیکس نیٹ میں موجود افراد سے 1300 ارب روپے وصول نہیں کررہا، اس ناکامی کا بوجھ غریب اور متوسط طبقے پر نہیں ڈالا جانا چاہیے۔ لگژری اور بڑی گاڑیوں پر ٹیکس بڑھایا جائے، بڑی گاڑیوں پر ٹیکس دگنا کرنے سے درآمدات اور پٹرول کا استعمال کم ہوگا۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ برقی گاڑیوں کی حوصلہ شکنی کے بجائے انہیں سہولتیں فراہم کی جائیں، موٹرویز پر فوری چارجنگ مراکز قائم کیے جائیں اور برقی گاڑیوں کے لیے چارجنگ مراکز کے لائسنس جاری کیے جائیں۔ پٹرولیم اور گاڑیوں کی صنعت کے مفادات کے باعث برقی گاڑیوں کو مطلوبہ معاونت نہیں دی جارہی۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ اٹھارویں ترمیم کے بعد وفاق میں موجود اضافی محکمے ختم کیے جائیں۔ صوبوں کو منتقل کیے گئے محکمے وفاق میں برقرار رکھنے کا کوئی جواز نہیں، اضافی وفاقی محکموں کے اخراجات ختم کرکے اربوں روپے بچائے جاسکتے ہیں۔ سرکاری گاڑیوں کی حد 1300 سی سی مقرر کی جائے، حکومت کے لیے سرکاری گاڑیوں کے اخراجات کم کرنا مشکل کیوں ہے؟ ٹیکس میں چھوٹ اور مفت سہولتوں کا فائدہ بھی مخصوص طبقے کو دیا جارہا ہے۔ چینی کی درآمد میں ڈیوٹی سے استثنیٰ کی سہولت سے عوام کے بجائے مافیا کو فائدہ ہوا جبکہ چینی کی درآمد و برآمد کی اجازت کا فائدہ بھی عوام کے بجائے مافیا اٹھاتا ہے۔ نئے صوبوں کے معاملے پر حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ صوبے بنانے کے لیے آئین میں طریقہ کار موجود ہے، اسی طریقہ کار پر عمل کیا جائے۔ صوبوں کے معاملے پر عوام کو تقسیم کرنا مناسب نہیں، حکمران تعصب کی بنیاد پر عوام کو تقسیم کرنے سے گریز کریں۔ حکومت کے اپنے اتحادیوں میں اتفاق نہیں تو قوم سے اتفاق رائے کیسے مانگا جارہا ہے؟ آئینی ترامیم سے پہلے حکومت، حزب اختلاف اور تمام سیاسی جماعتوں کے درمیان مذاکرات اور اتفاق رائے پیدا کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو آپس میں لڑانے کے بجائے اصل مسائل حل کیے جائیں اور سیاسی اختلافات کو تعصب میں تبدیل کرنے کی کوشش نہ کی جائے۔ حکومت عوام کو تعلیم، روزگار اور بنیادی سہولتیں فراہم کرنے میں ناکام ہے۔ سندھ کے نوجوان تعلیم اور روزگار کے مواقع سے محروم ہیں جبکہ کراچی کے عوام تعلیم، روزگار اور ملازمتوں میں مساوی مواقع نہ ملنے کی شکایات کرتے ہیں۔ سندھ میں مسابقتی امتحانات کے نتائج میں تاخیر بھی نوجوانوں کے لیے بڑا مسئلہ ہے۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ اگر حکومت ریلیف نہیں دے سکتی تو عوام کو مزید تقسیم نہ کرے، عوامی مسائل حل کیے بغیر نئے تنازعات کھڑے کرنا مناسب نہیں۔ ملک میں آئین موجود ہے، تمام معاملات آئین کے مطابق حل کیے جائیں۔

بقیہ 31

وزارت داخلہ، وزارت خارجہ، محکمہ پاسپورٹ اور متعلقہ حکام اجلاس میں شریک ہوئے۔ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانی ہمارا قیمتی اثاثہ ہیں، تارکین وطن کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کے لیے حکومت پرعزم ہے۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ سفری دستاویزات اور ضروری کاغذات کی بروقت تصدیق یقینی بنائی جائے۔ وزیر قانون نے کہا کہ ضروری کاغذات کی تصدیق کیلئے مربوط نظام وضع کیا جائے اور ریکارڈ کی تصدیق کا عمل تیز رفتار اور آسان بنایا جائے، ریکارڈ کی تصدیق کے لیے واضح ٹائم لائن مقرر کی جائے، وزارت داخلہ کی سطح پر الیکٹرانک طریقہ کار وضع کیا جائے، ضروری کارروائی الیکٹرانک طریقے سے مکمل کی جائے۔ وزیر قانون نے تصدیق کے لیے ون ونڈو پورٹل متعارف کرانے کی تجویز دی اور قواعد وضوابط میں بہتری کے لیے تجاویز دینے کی بھی ہدایت کی اور کہا کہ متعلقہ ادارے آئندہ اجلاس میں واضح لائحہ عمل پیش کریں۔

بقیہ 32

در و دیوار اس بات کی گواہی دیتی ہیں کہ جمعیت علما اسلام نے اپنے محدود دور حکومت اور محدود وسائل کے باوجود عوامی فلاح و بہبود، تعلیم، صحت، بنیادی سہولیات اور دیگر شعبوں میں بے شمار خدمات سرانجام دی ہیں اور یہی عملی خدمت آج بھی عوام کے دلوں میں جمعیت کے لیے اعتماد اور محبت کا باعث ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج بلوچستان کے طول و عرض میں عوام جمعیت علما اسلام میں شمولیت کے لیے بے چین ہیں اور مختلف علاقوں میں روزانہ کی بنیاد پر لوگ جوق در جوق جمعیت کے قافلے میں شامل ہو رہے ہیں، حالات میں بہتری آنے کے بعد آپ دیکھیں گے کہ جمعیت علما اسلام کے پاس عوام کا ایک ایسا جم غفیر روزانہ شامل ہوتا جائے گا جس سے یہ بات مزید واضح ہوگی کہ عوام نے وقتی نعروں، جذباتی سیاست اور خوشنما دعوؤں کے بجائے عملی خدمت، نظریاتی وابستگی اور مستقل جدوجہد کو اپنا راستہ منتخب کرلیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج قلعہ سیف اللہ میں مختلف جماعتوں سے تعلق رکھنے والے نئے شامل ہونے والے معززین نے اس بات کو ثابت کردیا ہے کہ سیاست اور عوامی خدمت کے فیصلے وقتی جذبات یا خوشنما نعروں کی بنیاد پر نہیں بلکہ ایک طویل سیاسی سفر، کردار، نظریے اور عملی خدمات کو سامنے رکھتے ہوئے کیے جاتے ہیں، جمعیت علما اسلام کی اسلامی تشخص کے تحفظ کے لیے جدوجہد ہو، آئین و قانون کی بالادستی کے لیے جدوجہد ہو، عوام کے حقوق کے لیے آواز بلند کرنا ہو یا محدود وسائل میں عوامی خدمت کا سلسلہ ہو، یہ سب ایک طویل اور مسلسل سفر کا حصہ ہے، لہذا اس جدوجہد کا سہرا کسی ایک شخص، کسی ایک رہنما یا کسی ایک منتخب نمائندے کے سر نہیں جاتا بلکہ یہ جمعیت علما اسلام کی طویل نظریاتی رفاقت، کارکنوں کی قربانیوں، عوامی وابستگی اور نسل در نسل جاری جدوجہد کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علما اسلام نے ہمیشہ اصولوں اور نظریے کی سیاست کو ترجیح دی ہے اور مشکل ترین حالات میں بھی اپنے مؤقف سے پیچھے نہیں ہٹی، یہی وجہ ہے کہ آج بھی بلوچستان کے عوام جمعیت علما اسلام کو اپنے مسائل کے حل، حقوق کے تحفظ اور اسلامی و جمہوری اقدار کی پاسداری کی ایک مضبوط آواز سمجھتے ہیں، سینیٹر مولانا عبدالواسع نے مفکر اسلام مولانا مفتی محمود کی تاریخی اور نظریاتی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ 7 ستمبر 1974 ہماری قومی، آئینی اور اسلامی تاریخ کا ایک اہم اور یادگار دن ہے، اس تاریخ ساز مرحلے میں مولانا مفتی محمود نے قائد حزب اختلاف کی حیثیت سے قومی اسمبلی کے اندر عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کے لیے انتہائی مؤثر، مدلل اور تاریخی کردار ادا کیا اور طویل پارلیمانی بحث، علمی دلائل اور مسلسل جدوجہد کے نتیجے میں 7 ستمبر 1974 کو قادیانی اور لاہوری گروپ کو آئینی طور پر غیر مسلم اقلیت قرار دینے کا تاریخی فیصلہ سامنے آیا، انہوں نے کہا کہ مفتی محمود کا یہ کردار محض ایک پارلیمانی کارروائی نہیں تھا بلکہ یہ ایک طویل نظریاتی، علمی اور سیاسی جدوجہد کا ثمر تھا، انہوں نے جس بصیرت، استقامت، علمی قابلیت اور جمہوری انداز میں قومی اسمبلی کے اندر عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کے لیے اپنا کردار ادا کیا وہ آنے والی نسلوں کے لیے ایک روشن مثال ہے، 7 ستمبر ہمیں یہ سبق دیتا ہے کہ نظریاتی جدوجہد، آئینی راستے، علمی دلائل اور جمہوری عمل کے ذریعے بڑے سے بڑے قومی و دینی مسائل پر تاریخ ساز فیصلے کیے جاسکتے ہیں، انہوں نے کہا کہ آج قلعہ سیف اللہ میں مختلف جماعتوں اور طبقات سے تعلق رکھنے والے معززین کی جمعیت علما اسلام میں شمولیت اس بات کا واضح اعلان ہے کہ بلوچستان کے عوام خدمت، اصول، نظریے اور حقیقی عوامی سیاست کے ساتھ کھڑے ہیں، جمعیت علما اسلام میں شامل ہونے والے تمام معززین کو خوش آمدید کہتے ہیں اور انہیں یقین دلاتے ہیں کہ جمعیت علما اسلام کا یہ قافلہ ان کی عزت، رائے اور کردار کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہوئے صوبے کے عوام کے حقوق، اسلامی تشخص، جمہوری اقدار اور خوشحال مستقبل کے لیے اپنی جدوجہد مزید مضبوط اور مؤثر انداز میں جاری رکھے گا

بقیہ 33

جبکہ کمشنر قلات اور ڈپٹی کمشنر خضدار نے مزید تعاون اور معاونت کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ 34

م نے فرمائی اور اس کی انتہا محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس پر فرمائی، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر نبوت ختم ہوگئی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی اور کو نبی نہیں بنایا جائے گا، ختم نبوت کا عقیدہ ان اجماعی عقائد میں سے ہے، جو اسلام کے بنیادی اصول اور ضروریات دین میں شمار کیے گئے ہیں، اور عہد نبوت سے لے کر اس وقت تک ہر مسلمان اس پر ایمان رکھتا آیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بلا کسی تاویل و تخصیص کے خاتم النبیین ہیں

بقیہ 35

تھم اور IGCSE میں داخلے کے خواہشمند طلبہ درخواست دے سکتے ہیں۔ امیدوار 25 اکتوبر 2026 تک آن لائن رجسٹریشن مکمل کرسکیں گے، جبکہ اسکالرشپ و داخلہ امتحان یکم نومبر 2026 کو منعقد ہوگا۔ امتحان کے نتائج 10 نومبر 2026 کو جاری کیے جائیں گے۔ امیدوار امتحانی فیس سمیت رجسٹریشن کا تمام عمل آن لائن معارف ایگزامینیشن پورٹل کے ذریعے مکمل کرسکتے ہیں، جس کا مقصد داخلہ اور امتحانی عمل کو آسان، شفاف اور منظم بنانا ہے۔ مائس کے لیے کوئٹہ میں تین امتحانی مراکز مقرر کیے گئے ہیں، جن میں 1 پاک ترک معارف انٹرنیشنل مین بوائز کیمپس کوئٹہ 2 پاک ترک معارف انٹرنیشنل گرلز کیمپس کوئٹہ 3 پاک ترک معارف انٹرنیشنل جناح ٹاؤن کیمپس کوئٹہ شامل ہیں

انہیں معیاری تعلیم، بہتر تعلیمی ماحول اور ضروری سہولیات کی فراہمی علاقے کی ترقی کے لیے ناگزیر ہے

تعلیم کے معیار اور نوجوانوں کے مستقبل پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا، ظہور بلیدی

یونیورسٹی آف تربت میں زیر تعلیم بلیدہ کے طلبہ و طالبات کیلئے فراہم کردہ بس نے باقاعدہ طور پر اپنی شٹل سروس کا آغاز

تربت / بلیدہ (خ ن) صوبائی وزیر میر ظہور احمد بلیدی کی جانب سے یونیورسٹی آف تربت میں زیر تعلیم بلیدہ کے طلبہ و طالبات کے لیے فراہم کردہ بس نے باقاعدہ طور پر اپنی شٹل سروس کا آغاز کر دیا ہے۔ بس روزانہ صبح و شام بلیدہ سے تربت یونیورسٹی اور واپسی کے روٹ پر طلبہ و طالبات کو سفری سہولت فراہم کرے گی۔ شٹل سروس کے آغاز سے بلیدہ اور گرد و نواح کے طلبہ و طالبات کے لیے یونیورسٹی آف تربت تک رسائی (باقی صفحہ 2 نمبر 35)

عبداللہ خان ناصر کی وفات پر فاتحہ خوانی کا سلسلہ جاری

سیاسی، صحافتی، سماجی اور قبائلی شخصیات کی بڑی تعداد کی شرکت

کوئٹہ (آن لائن) سینئر صحافی و اینکر ظاہر خان ناصر کے بھائی عبداللہ خان ناصر کے وفات پر فاتحہ خوانی دوسرے روز کوئٹہ میں جاری رہی جس میں صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو جمعیت علما اسلام پاکستان کے سربراہ مولانا محمد خان شیرانی جمعیت علما اسلام کے مرکزی رہنما و رکن قومی اسمبلی میر عثمان بادینی عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما و رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم خان بازئی پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما سابق گورنر بلوچستان سید ظہور آغا سابق صوبائی وزیر فیض کاکڑ سابق رکن صوبائی اسمبلی شاہلو جمعیت علما اسلام نظریاتی کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی (باقی صفحہ 2 نمبر 34)

انڈسٹریل پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اسلحہ شراب اور منشیات برآمد کر کے 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا

کوئٹہ (آن لائن) انڈسٹریل پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اسلحہ، شراب اور منشیات برآمد کر کے 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر ایس پی قائد آباد علی رضا کی نگرانی میں ڈی ایس پی پشتون آباد مقصود احمد لہڑی (باقی صفحہ 2 نمبر 33)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے سپیشل پرسن سید رفیع اللہ ملاقات کررہے ہیں

بلوچستان میں عوام جوق در جوق جمعیت علماء اسلام میں شامل ہورہے ہیں یہ سب ایک طویل اور مسلسل سفر کا حصہ ہے

عوام نے نعروں کے بجائے عملی خدمت اور نظریاتی سیاست کو ترجیح دی ہے، مولانا عبدالواسع

7 ستمبر 1974 تاریخ ساز دن، مولانا مفتی محمود نے عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کے لیے پارلیمان میں موثر اور تاریخی کردار ادا کیا

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے قلعہ سیف اللہ میں مختلف سیاسی و مذہبی جماعتوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات، قبائلی عمائدین اور معززین کی جمعیت علما اسلام میں گرینڈ شمولیتی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت علما اسلام اس وقت بلوچستان کی سب سے بڑی عوامی تائید یافتہ، نظریاتی اور عوامی خدمت کا ریکارڈ رکھنے والی جماعت ہے، صوبے کی (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

نئے پرنسپل کی کمشنر قلات اور ڈپٹی کمشنر خضدار سے ملاقات

کمشنر قلات اور ڈپٹی کمشنر خضدار نے مزید تعاون اور معاونت کی یقین دہانی

خضدار (خ ن) جھالاوان میڈیکل کالج خضدار کے نو تعینات پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر یزن بلوچ نے آج کمشنر قلات ڈویژن قادر بخش پرکانی اور ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرازق ساسولی سے تعارفی ملاقات کی۔ اس موقع پر وائس پرنسپل ڈاکٹر عبدالمطلب عیسیٰ زئی، شعبہ کمیونٹی میڈیسن کے سربراہ ڈاکٹر بشیر بلوچ اور جھالاوان ٹیچنگ ہسپتال کے ڈپٹی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر احمد علی بھی موجود تھے۔ ملاقات انتہائی مفید اور تعمیری رہی۔ ملاقات کے دوران میڈیکل کالج اور تدریسی ہسپتال کو درپیش مسائل کے حل کے حوالے سے اہم پیش رفت بھی ہوئی، (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

کوئٹہ پولیس نے موٹر سائیکل سنیچنگ، مفرور، اشتہاری ملزمان کے خلاف کارروائی 6 ملزمان کو گرفتار کرلیا

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس نے موٹر سائیکل سنیچنگ، مفرور، اشتہاری ملزمان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 6 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر تھانہ صدر کے عملے نے ملزم عبدالبصیر کو گرفتار کرلیا (باقی صفحہ 2 نمبر 39)

جامعہ تربت کا ڈیجیٹل انقلاب کی جانب پیشرفت

اجلاس میں جدید ٹیکنالوجی پر مبنی پروگرامز اور نصاب کی منظوری

گرلز ڈگری کالج تربت سے گوہر عزیز بھی اجلاس میں شریک تھے

تربت (خ ن) جامعہ تربت کے شعبہ کمپیوٹر سائنس کے بورڈ آف اسٹڈیز کا پانچواں اجلاس شعبے کے سربراہ انجینئر بلال الرحمٰن کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں ہائر ایجوکیشن کمیشن گائیڈ لائنز اور جامعہ تربت کے تعلیمی تقاضوں کی روشنی میں کمپیوٹر سائنس میں تین نئی اسپیشلائزیشنز، ڈیٹا سائنس، آرٹیفیشل انٹیلیجنس اور سائبر سکیورٹی متعارف کرانے کی (باقی صفحہ 2 نمبر 36)

چاغی: تالاران چیک پوسٹ پر مسلح افراد کا حملہ، عمارتوں کو آگ لگا دی

سکیورٹی اداروں نے علاقے میں کارروائی شروع کر دی ہے، ذرائع

چاغی (آن لائن) چاغی کے علاقے دالبندین میں نامعلوم مسلح افراد نے تالاران چیک پوسٹ پر حملہ کر کے چیک پوسٹ کے کمروں اور عمارتوں کو آگ لگا دی، جبکہ ایک سرکاری ہتھیار اور کیس پراپرٹی میں شامل سفید رنگ کی ڈبل ڈور گاڑی بھی اپنے ساتھ لے گئے (باقی صفحہ 2 نمبر 37)

بلوچستان میں سکول جانے والے بچوں کی شرح میں تین سال کے دوران 7 فیصد اضافہ

2030 تک ہر بچے کو سکول پہنچانے کا ہدف یہ کام حکومت کا ہے کہ تعلیم کے شعبے کو سپورٹ کرکے وسائل فراہم کرے، لعل جان جعفر

شرح خواندگی 42 سے 49 فیصد تک پہنچ گئی، سکولوں کی ڈیجیٹلائزیشن، اپ گریڈیشن اور غیر فعال اداروں کی بحالی کیلئے نئی تعلیمی پالیسی کا اعلان

کوئٹہ (آن لائن) سیکرٹری تعلیم بلوچستان لعل جان جعفر نے کہا ہے کہ حکومت کے عوام دوست اور بہتر تعلیمی پالیسیوں کی بدولت گزشتہ 3 سال کے دوران سکول جانے والے بچوں کی تناسب میں 7 فیصد اضافہ ہوا ہے 2030 تک ہر بچے سکول میں کے ہدف کو پورا کرائینگے۔ تاکہ بلوچستان میں تعلیمی پسماندگی کو دور کرکے پڑھا لکھا بلوچستان کے خواب کو شرمندہ تعبیر بنائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ وزیراعظم پاکستان (باقی صفحہ 2 نمبر 32)

سنی علماء کونسل بلوچستان کا تحفظ ختم نبوت کیلئے موثر آواز بلند کرنے کے عزم کا اظہار

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی اور کو نبی نہیں بنایا جائے گا، ختم نبوت کا عقیدہ ان اجماعی عقائد میں سے ہے، مولانا رمضان

عقیدہ ختم نبوت کو اسلام کے بنیادی اور اجماعی عقائد میں شامل قرار دیتے ہوئے قادیانی سرگرمیوں کے خلاف کردار ادا کرنے کا اعلان

کوئٹہ (آن لائن) سنی علماء کونسل بلوچستان کے امیر مولانا محمد رمضان مینگل نے کہا ہے کہ علماء کرام نے ہر دور میں اسلام کے فروغ اور تحفظ ختم نبوت کیلئے عملی کردار ادا کیا ہے۔ حضور ﷺ اللہ تعالیٰ کے آخری رسول ہے ہم سب کا ایمان ہے اس کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔ قادیانیوں کی سازشوں کو ناکام بنانے کیلئے موثر آواز بلند کریں گے۔ جاری بیان میں کہا کہ اللہ رب العزت نے سلسلہ نبوت کی ابتدا سیدنا آدم علیہ السلا (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

بلوچستان صوبائی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کا اجلاس

اجلاس میں سٹیزن فسیلیٹیشن اینڈ گڈ گورننس بل 2026 پر غور

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان صوبائی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کا اجلاس اسمبلی کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اراکین کی باہمی اتفاق رائے سے خیر جان بلوچ کو کمیٹی کا چیئرمین منتخب کیا گیا۔ اجلاس میں علی مدد جتک، صوبائی وزیر داخلہ ضیاء اللہ لانگو، اصغر علی ترین، زرین مگسی اور عبید اللہ گورگیج نے شرکت کی، جبکہ خصوصی دعوت پر قائد حزب اختلاف میر یونس عزیز زہری (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

مرحوم خلیل الرحمٰن ایک منجھے ہوئے، باوقار اور تجربہ کار صحافی تھے، نسیم الرحمان

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان ملاخیل نے روزنامہ جنگ کوئٹہ کے ریذیڈنٹ (باقی صفحہ 2 نمبر 38)

تھانہ شہید امیر محمد دستی کے عملے نے چوری کی واردات میں ملوث ملزمان سمیت دیگر 6 ملزمان کو گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) تھانہ شہید امیر محمد دستی کے عملے نے چوری کی واردات میں ملوث ملزمان سمیت دیگر 6 ملزمان کو گرفتار کرکے 5 لاکھ روپے چھینا گیا موٹر سائیکل، موبائل فون (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کا کرسچن کمیونٹی کے نمائندوں کے ساتھ گروپ فوٹو

گورنر بلوچستان کا سینئر صحافی خلیل الرحمٰن کے انتقال پر اظہارِ افسوس

جعفر مندوخیل کی مرحوم خلیل الرحمٰن کے لیے مغفرت اور لواحقین کیلئے صبر و ہمت کی دعا

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے روزنامہ جنگ کوئٹہ کے ریذیڈنٹ ایڈیٹر اور بلوچستان کے سینئر صحافی خلیل الرحمٰن کی وفات پر گہرے رنج و افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں گورنر بلوچستان نے کہا کہ مرحوم خلیل الرحمٰن ایک منجھے ہوئے، باوقار اور تجربہ کار صحافی تھے جنہوں نے بلوچستان میں صحافت کے فروغ اور عوامی مسائل کو اجاگر کرنے میں نمایاں کردار ادا کیا۔ مرحوم کی صحافتی خدمات اور عوامی کردار کو ہمیشہ یاد رکھا جائیگا۔ گورنر (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

حکومت بلوچستان سے فوری، موثر اور سخت قانونی کارروائی کا مطالبہ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان خواتین اور لڑکیوں کے خلاف تشدد کے خاتمے کا اتحاد (G/EVAW Alliance) اور عورت فاؤنڈیشن نے بلوچستان میں گزشتہ ایک ماہ کے دوران خواتین اور کمسن بچیوں کے خلاف تشدد، مبینہ قتل، تیزاب گردی، جنسی زیادتی اور دیگر سنگین نوعیت کے واقعات پر گہری تشویش اور شدید افسوس کا اظہار کرتے ہوئے حکومت بلوچستان، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ان واقعات کا فوری اور (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

پشتونخوا میپ کا روزنامہ جنگ کوئٹہ کے چیئرمین ایڈیٹوریل کمیٹی صحافی حاجی سید خلیل الرحمٰن کی وفات پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے جاری کردہ پریس ریلیز میں روزنامہ جنگ کوئٹہ کے چیئرمین ایڈیٹوریل کمیٹی صحافی حاجی سید خلیل الرحمٰن کی وفات پر گہرے رنج (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

نئے صوبوں کا شوشہ چھوڑنے والے ملک میں موجود تمام قومیتوں کو انکا حق دلائیں، ایمل ولی خان

اسلام آباد (آن لائن) اے این پی کے مرکزی صدر و سینیٹر ایمل ولی خان نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کا شوشہ چھوڑنے والے ملک میں موجود تمام قومیتوں کو انکا حق دلائیں۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

نیشنل لیبر فیڈریشن کا سورینج حادثہ انکوائری کمیٹی کی از سر نو تشکیل کا مطالبہ

اصل ذمہ داروں کو بچانے کی کوشش ناقابل قبول ہے: نیشنل لیبر فیڈریشن بلوچستان

کان کے مالک، لیز ہولڈر، ٹھیکیدار اور متعلقہ حکام سمیت تمام ذمہ داروں کا کردار واضح کیا جائے

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل لیبر فیڈریشن بلوچستان نے سورینج کان حادثے کے بعد قائم کی گئی کورٹ آف انکوائری کمیٹی کی تحقیقات پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے حکومت بلوچستان اور محکمہ معدنیات سے مطالبہ کیا ہے کہ کمیٹی کو از سر نو تشکیل دے کر مکمل طور پر شفاف، آزادانہ اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں۔ نیشنل لیبر فیڈریشن کے مطابق افسوس کے ساتھ یہ تاثر سامنے آرہا ہے کہ تحقیقات کا رخ حادثے کے اصل ذمہ داروں کے تعین کے بجائے ایسے افراد کی طرف موڑا جارہا ہے جن کا حادثے سے براہ راست تعلق نہیں، جبکہ کان کے مالک، لیز ہو (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

بلوچستان کے طلباء کیلئے بڑی تعلیمی پیشکش کا آغاز کردیا

پاک ترک معارف کا اسکالرشپ و داخلہ امتحان کا اعلان

کوئٹہ (آن لائن) پاک ترک معارف انٹرنیشنل اسکولز اینڈ کالجز نے کوئٹہ ریجن کے طلباء کے لیے ماگس اسکالرشپ و داخلہ امتحان کے لیے رجسٹریشن کا آغاز کر دیا ہے۔ امتحان کے ذریعے تعلیمی صلاحیت رکھنے والے طلباء کو پاک ترک معارف اسکولز میں داخلے اور میرٹ کی بنیاد پر اسکالرشپ حاصل کرنے کا موقع فراہم کیا جائے گا۔ ماگس کے لیے جماعت چہارم سے (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

ڈاکٹر صابر علی کی زیر نگرانی اسی کلاچ میں موبائل ویٹرنری ایڈکیمپ کا کامیاب انعقاد

گوادر (خ ن) ضلعی آفیسر محکمہ امور حیوانات گوادر ڈاکٹر صابر علی کی زیر نگرانی اسی کلانچ میں موبائل ویٹرنری ایڈ کیمپ کا کامیاب انعقاد کیا گیا، جہاں مالداروں کو ان کی دہلیز پر جانوروں کے علاج، ویکسینیشن اور ادویات (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

کنٹریکٹ پر استاد بھرتی ہوا باقاعدگی سے ڈیوٹی سرانجام دیتا رہا، عبداللہ کھوسہ

خودکشی پر مجبور ہو جاؤں گا جس کی تمام تر ذمہ داری محکمہ تعلیم کے حکام پر عائد ہوگی

کوئٹہ (آن لائن) ضلع جھل مگسی کے رہائشی عبداللہ کھوسہ نے کہا ہے کہ کنٹریکٹ پر استاد بھرتی ہوا باقاعدگی سے ڈیوٹی سرانجام دیتا رہا بعد میں ڈی آر سی لسٹ تبدیل کر کے من پسند لوگوں کو شامل کر کے مجھے تنخواہ سے محروم کر دیا گیا میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، صوبائی وزیر تعلیم، رکن صوبائی اسمبلی نوابزادہ طارق مگسی سے اپیل کرتا ہوں کہ مجھے انصاف دیا جائے بصورت (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

Time allotment and Delays
The citizen can check progress any time

کوئٹہ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پنجاب کو ہمسایہ ممالک سے خطرہ نہیں بلکہ ہمسایہ صوبوں خیبر پشتونخوا اور بلوچستان صوبوں سے زیادہ خطرہ ہے

پشتونخوا دہشتگردی کا مرکز نہیں بلکہ اس کا سب سے زیادہ متاثرہ خطہ ہے، پشتونخوا نیپ

دہشت گردی کے خلاف سب سے زیادہ قربانیاں دینے والے پشتون عوام کے زخموں پر نمک چھڑکنے کے مترادف ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے شریک چیئرمین مختار خان یوسفزئی نے پنجاب کی وزیر اعلیٰ مریم نواز کے اس بیان کی شدید مذمت کی ہے کہ پنجاب کو ہمسایہ ممالک سے خطرہ نہیں بلکہ ہمسایہ صوبوں خیبر پشتونخوا اور بلوچستان صوبوں سے زیادہ خطرہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس قسم کے بیانات تاریخی حقائق کو مسخ کرنے اور دہشت گردی کے خلاف سب سے زیادہ قربانیاں دینے والے پشتون عوام کے زخموں پر (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

دالبندین میں مہنگائی بے قابو، عوام کا کوئی پرسان حال نہیں

دالبندین (آن لائن) دالبندین میں مہنگائی بے قابو ہوگئی ہے اور اشیائے ضروریہ کی قیمتیں غریب عوام کی دسترس سے باہر ہوتی جارہی ہیں۔ نان بائیوں نے بھی فی روٹی کی قیمت بڑھا کر 40 روپے کردی ہے، جبکہ 50 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت 8 ہزار روپے سے تجاوز کرگئی ہے۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

کوئٹہ صوبائی وزیر کوڈیزاسٹر مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ و چیئرمین نوڈا اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ سے مختلف لوگ ملاقات کررہے ہیں

صوبائی محکمہ داخلہ بلوچستان کے نوٹس اور عدالت عالیہ کے احکامات پر کارروائی

اے سی بروری کا غیر قانونی کرش پلانٹس کے خلاف سخت اور وسیع پیمانے پر کارروائی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی محکمہ داخلہ بلوچستان کے نوٹس اور عدالت عالیہ کے احکامات پر عملدرآمد کے سلسلے میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر بروری (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

حبیب احمد ہنگلزئی کی زیر صدارت دونوں کالجز کے پرنسپلز کا اجلاس

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات پر ضلع چمن میں 16 اور 17 ستمبر کو گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج چمن اور گورنمنٹ شہید ایمل خان اچکزئی بوائز ڈگری کالج چمن میں منعقد ہونے والے ایجوکیشنل فیسٹیول کی تیاریوں کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر چمن (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

اسسٹنٹ کمشنر رکنی فہد حسین عمرانی کا مختلف پیٹرول پمپس کا معائنہ

صارفین کو مقررہ مقدار سے کم پیٹرول کی فراہمی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی

رکنی (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر رکنی فہد حسین عمرانی نے تحصیل رکنی میں مختلف پیٹرول پمپس کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر پیٹرول پمپس پر نصب گیج، میٹر ریڈنگ، پیمانوں اور پیٹرول کی مقررہ مقدار کی فراہمی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے میٹر ریڈنگ اور پیمانوں کی درستگی چیک کرتے ہوئے اس امر کو یقینی بنایا کہ صارفین کو مقررہ مقدار کے مطابق پیٹرول فراہم کیا جارہا ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر نے پیٹرول پمپ مالکان کو ہدایت کی کہ گیج اور میٹر ریڈنگ میں کسی قسم کی بے ضابطگی یا صارفین کو مقررہ (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری اسکول حب کا دورہ

تدریسی سرگرمیوں، بنیادی سہولیات اور طالبات کو فراہم کی جانے والی تعلیمی سہولیات کا جائزہ

حب (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری اسکول حب کا دورہ کیا۔ دورے کا مقصد اسکول میں تعلیمی و انتظامی امور، تدریسی سرگرمیوں، بنیادی سہولیات اور طالبات کو فراہم کی جانے والی تعلیمی سہولیات کا جائزہ لینا تھا۔ اس موقع پر کمشنر نے اسکول کے مختلف شعبہ جات، کلاس رومز، سائنس لیبارٹری، کمپیوٹر لیب، لائبریری اور دیگر سہولیات کا معائنہ کیا۔ انہوں نے اساتذہ اور طالبات سے ملاقات کی اور تعلیمی معیار، حاضری، تد (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

عبدالصمد لالا کے جوان سالہ صاحبزادے اسد خان بازئی بقضائے الٰہی انتقال کر گئے

پشین (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی افغرگ کے دیرینہ کارکن عبدالصمد لالا کے جوان سالہ صاحبزادے اسد خان بازئی بقضائے الٰہی انتقال کر گئے۔ مرحوم صلاح الدین بازئی، امیر محمد بازئی، محمد فاروق بازئی، نور احمد بازئی اور محمد اسماعیل بازئی کے بھتیجے جبکہ ملک داد خا (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

بلوچستان ریونیو اتھارٹی کا اعلامیہ

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کے ٹیکس شیڈول کے مطابق بیوٹی پارلرز، بیوٹی کلینکس، سلمنگ کلینکس یا سینٹرز اور دیگر ذاتی نگہداشت (CarePersonal) کی خدمات پر بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز (BSTS) کی شرح 5 فیصد مقرر ہے۔ ٹیکس (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

کوہلو، مہنگائی عروج پر متوسط طبقہ دو وقت کی روٹی کیلئے پریشان

موثر نگرانی نہ ہونے کے باعث دکاندار من مانے نرخ وصول کر رہے ہیں، عوامی حلقے

کوہلو (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کوہستان مری میں مہنگائی عروج پر پہنچ گئی، غریب اور متوسط طبقہ دو وقت کی روٹی پوری کرنے کے لیے پریشان، جبکہ پرائس کنٹرول کمیٹی کی مؤثر کارروائیاں دکھائی نہیں دے رہیں۔ تفصیلات کے مطابق ضلع کوہستان مری میں روزمرہ استعمال کی اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کے باعث شہری شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ مہنگائی نے غریب عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے اور محدود آمدن رکھنے والے خاندانوں کے لیے گھر کا چولہا چلانا مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بازاروں میں اشیائے (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچائیں گے، عبدالغفار مندوخیل

گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان بھر کے ٹھیکیداروں کی نمائندہ تنظیم ہے

کوئٹہ (آن لائن) آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین ملک عبدالغفار مندوخیل، صدر میر عبدالسلام لانگو، جنرل سیکرٹری ملک مجیب مہترزئی، وائس چیئرمین میر شکیل لہڑی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری صلاح الدین کبزئی، سیکرٹری اطلاعات سرور جان مندوخیل، سیکرٹری فنانس محمد ادریس جان لانگو، نائب صدر سراج خان کاکڑ، رابطہ سیکرٹری نورت میر پیروز ملازئی، آل بلوچستان رابطہ سیکرٹری سمیع اللہ کاکڑ، نائب صدر محمد انور ترین، سینئر نائب صدر حاجی محمد ابراہیم اچکزئی، آفس سیکرٹری میر ابرار رئیسانی، میر عدنان لہڑی، رابطہ سیکرٹری ساتھ میر (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

عوام مزید ٹیکس، مزید مہنگائی اور مزید معاشی قربانیوں کے متحمل نہیں ہوسکتے عوام کو ریلیف چاہیے

پشتونخوا میپ نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافہ کو مسترد کر دیا

گزشتہ تقریباً تین ماہ کے دوران پٹرول کی قیمت 299 روپے 50 پیسے سے بڑھ کر 358 روپے 77 پیسے فی لیٹر ہوگئی ہے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی پریس ریلیز میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافہ کو مسترد کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ حکومت یہ اقدام عوام پر معاشی حملے کے مترادف ہے۔ پٹرول کی قیمت میں ایک مرتبہ پھر 12 روپے 90 پیسے فی لیٹر کا ظالمانہ اضافہ اور اسی طرح ڈیزل کی قیمت میں بھی اضافہ کیا گیا جو کہ حکمرانوں کی عوام دشمن معاشی پالیسیوں کا ایک اور ثبوت ہے۔ گزشتہ تقریباً تین ماہ (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

قائمہ کمیٹی برائے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کا اجلاس

بلوچستان پبلک ہیلتھ انجینئرنگ بل 2026 پر تفصیلی غور

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ میں قائمہ کمیٹی برائے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں کمیٹی اراکین کی منظوری سے مولانا نور اللہ کو قائمہ کمیٹی کا چیئرمین منتخب کیا گیا۔ چیئرمین منتخب ہونے کے بعد مولانا نور اللہ نے اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں "بلوچستان پبلک ہیلتھ انجینئرنگ بل، 2026، (بل نمبر 20 آف 2026ء)" پر (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

تحصیلدار محمد اعظم خان کچھی کا جیوانی کی مختلف مارکیٹوں کا دورہ

جیوانی (خ ن) تحصیل انتظامیہ جیوانی کی ہدایت پر تحصیلدار محمد اعظم خان کچھی نے جیوانی کی مختلف مارکیٹوں کا دورہ کیا، جہاں اشیائے خورد و نوش کے معیار، قیمتوں، زائد المیعاد اشیاء اور سرکاری ریٹ لسٹ کا تفصیلی معائنہ کیا گیا۔ دکانداروں کو ہدایت کی گئی کہ اشیائے ضروریہ مقررہ نرخوں کے مطابق فروخت کریں اور ریٹ لسٹ نمایاں جگہ پر آویزاں رکھیں اس موقع پر شہر (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

دالبندین پریس کلب کا بزرگ صحافی خلیل الرحمان اور سینئر فوٹو جرنلسٹ موسیٰ فرمان کے انتقال پر اظہار تعزیت

دالبندین (آن لائن) دالبندین پریس کلب کے سرپرست اعلیٰ علی احمد ریکی، صدر حاجی فاروق سیاہ پاد رند، جنرل سیکرٹری ریاض بلوچ، سینئر نائب صدر طاہر شہزاد نوتیزئی، نائب صدر قمر زمان گورگیج، فنانس سیکرٹری علی احمد کمال، آفس سیکرٹری فیض اللہ عابد، سینئر صحافیوں حاجی نور احمد سیاہ پاد رند، منظور راہی بلوچ، حسین احمد کشانی، ابراہیم ریکی و دیگر نے روزنامہ جنگ کوئٹہ کے چیئرمین ایڈیٹوریل کمیٹی کے رکن و بزرگ صحافی خلیل الرحمان اور سینئر فوٹو جرنلسٹ موسیٰ فرمان کے انتقال (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی ہدایت پر اسپیشل مجسٹریٹ سٹی اعجاز کھوسہ گراں فروشوں اور تندور مالکان کے خلاف کارروائی کررہے ہیں

امریکہ کی جارحیت سے عالمی امن خطے سے دوچار ہورہی ہے، جمعیت نظریاتی

عالم اسلام کو اس وقت اندرونی و بیرونی بدامنی، خانہ جنگی جیسے سنگین چیلنجز کا سامنا ہے

امریکہ کی مسلسل جارحیت سیا من و سلامتی کے لیے خطہ میں خطرے کے گھنٹی بج رہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مرکزیہ مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی نے کہا کہ امریکہ کی سازشوں سے عالم اسلام کو اس وقت اندرونی و بیرونی بدامنی، خانہ جنگی جیسے سنگین چیلنجز کا سامنا ہے۔ وہ عالم اسلام کے معیشت، دفاعی قوت، امن و استحکام اور ترقی و خوشحالی چھینا جارہا ہے۔ بدامنی اور عدم (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

پاکستان ڈپلومہ انجینئرز فیڈریشن کی لوکل گورنمنٹ میں پروموشن کی مبارک باد

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان ڈپلومہ انجینئرز فیڈریشن کے صوبائی جنرل سیکرٹری حاجی محمد ابراہیم زہری، لوکل گورنمنٹ کے جنرل سیکرٹری امین اللہ کاسی، نائب صدر نور احمد قمرانی، فنانس سیکرٹری منیر احمد لودھی، میر عبدالرحمٰن کھیتران، خاور بیگ، خالد ملغانی اور نسیم کاسی نے اپنے مشترک (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

ایم آر آئی کی فوری طور پر قیمتیں کم کی جائیں: غلام نبی مری

سرکاری ہسپتالوں میں ایم آر آئی کی بھاری فیسیں غریبوں کی پہنچ سے باہر ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن غلام نبی مری نے کہا ہے کہ سرکاری ہسپتالوں میں علاج معالجے اور تشخیصی ٹیسٹوں کی سہولیات عوام کو انتہائی کم نرخوں پر فراہم کی جانی چاہئیں، تاہم بدقسمتی سے بولان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال سمیت بعض سرکاری ہسپتالوں میں مہنگے تشخیصی ٹیسٹ غریب اور کم آمدن والے مریضوں کے لیے مشکلات کا باعث بن رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بولان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال میں ایم آر آئی کی فیس ہزاروں روپے مقرر ہونا تشویشناک ہے، کیونکہ کم آمدن والے افراد کے لیے اتنی بڑی رقم ادا (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

تبلیغی اجتماع کے انتظامات کے حوالے سے ایک اہم اجلاس

سوراب (خ ن) ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ کی زیر صدارت سوراب میں منعقد ہونے والے تبلیغی اجتماع کے انتظامات کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر سوراب شئے اکبر علی بلوچ، تبلیغی امیر ڈاکٹر نثار احمد، امیر عبدالعزیز، (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

ناظم اعلیٰ پاکستان پیر صاحبزادہ خالد سلطان، صوبائی امیر سید حبیب اللہ شاہ چشتی، مولانا محمد ابراہیم مجددی، مولانا مفتی مختار احمد حبیبی، علامہ مفتی محمد جان قاسمی اور دیگر جماعت اہل سنت بلوچستان کی صوبائی کابینہ اور مجلس عاملہ کے نو منتخب عہدیداروں کی تقریب حلف برداری اور ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹیڈیم روڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون فیکس: 2824878: موبائل نمبر 03337867133: ای میل tameerewatan33@gmail.com twnisb@gmail.com